[At this stage the Chair was vacated by the Deputy Chairman which was occupied by the Chairman (Mr. Wasim Sajjad)]

جناب چیئرمین : جناب دو وزراء صاحبان نے اطلاع دی ہے کہ وہ اپنی مصروفیات کی بنا پر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ مولانا عبدالستار خان نیازی وزیر برائے مذہبی امور مورخہ 16 نومبر تک اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ حاجی غلام احمد بلور صاحب 7 نومبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

PRIVILEGE MOTIONS

Mr. Chairman: Now, we come to privilege motions. Syed Iqbal Haider on point of order.

Syed Iqbal Haider: Point of order. Sir, in the beginning of the session the Chairperson kindly wanted to accommodate my request and yesterday you were also kind enough to take my motion at the end of the session, Sir, it is a serious matter.

جناب چیئرمین : کون سی request

Syed Iqbal Haider: Public hanging of Zafar is taking place.

جناب چیئرمین : میں نے آپ سے کہا تھا کہ اس پر باقاعدہ ایک موشن موو کریں۔

سید اقبال حیدر : میں نے موشن بھی موو کیا ہے ریزولیوشن بھی موو کیا ہے۔ میری صرف ایک گزارش سن لیں یہ بہت ہی بڑا سانحہ ہے۔ اس کی hanging کے بعد جب سانپ نکل جائے پھر لکیر پیٹنے سے کوئی فائدہ نہیں ہو گا ہماری صرف ایک ہی استدعا ہے کہ آپ اس موشن کو آؤٹ آف ٹرن لے لیں میں نے موشن بھی موو کیا ہے اور ریزولیوشن بھی موو کیا ہے دونوں چیزیں موو کی ہیں۔ وہ برائے مہربانی منگوالیں۔

جناب چیئرمین : دیکھیں آج جمعرات ہے اتوار کو باقاعدہ پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے اتوار کو آپ موو کریں اس دن پرائیویٹ ممبرز ڈے ہو گا۔

سید اقبال حیدر : میں موو تو کر چکا ہوں۔

جناب چیئرمین : نہیں آؤٹ آف ٹرن کے لئے پہلے تو ہو سکتا ہے آپ کی آ ہی جائے ممکن ہے آپ کی موشن آ جائے کیونکہ بیلٹ ہوتا ہے اور اگر نہ آئے تو اپنے ساتھیوں سے بات کر لیں اور اس کو ڈسکس کر لیں۔ کوئی ایسی بات نہیں ہے بات تو کر کے دیکھیں۔

سید اقبال حیدر : میں بات تو کر رہا ہوں لیکن پرسوں تک ہو سکتا ہے۔ ----

جناب چیئرمین : نہیں نہیں کوئی ایسی بات نہیں۔

سید اقبال حیدر : نہیں کل اگر اس کی hanging ہو گئی تو پورے ملک کو

شرمساری اٹھانی پڑے گی پوری دنیا میں پاکستان کا نام بدنام ہو گا کہ کیسے یہ وحشی لوگ ہیں۔۔۔۔

جناب چیئرمین : ایسی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

سید اقبال حیدر : ہے' اخبار میں یہی اطلاع ہے کہ 8 کو..................

جناب چیئرمین : بہرحال your point is noted اور اتوار کو کوشش کریں گے۔

There is a privilege motion in the name of Ishtiaq Azhar, Privilege Motion No. 8

جناب منظور احمد گچکی : پوائنٹ آف آرڈر' جناب میری ایک پرویلج موشن ہے، جو میں نے آج ہی صبح دی ہے اور وہ اس لئے دی ہے کہ رات کو خبروں میں ہم نے ایک چیز نوٹ کی ہے کیونکہ جہاں پر مختلف سیاسی پارٹیز ہیں وہاں پر ہم نے یہ دیکھا ہے کہ انفارمیشن میڈیا پارٹی کا نام نہیں بتاتے۔ فلاں خبر میں فلاں سینیٹر نے یہ کہا پارٹی جو ہے وہ نہیں بتاتے۔

جناب چیئرمین : اس میں استحقاق کی کیا بات ہے۔

جناب منظور احمد گچکی : نہیں یہ تو ہے جی۔ جب ہم پارٹی سے آئے ہیں تو۔

جناب چیئرمین : ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ یہ ٹی وی والوں سے بات کر لیں اس میں آپ کے استحقاق کی کیا بات ہے۔ استحقاق کی کوئی بات نہیں ہے۔ بہرحال جب آئے گی دیکھا جائے گا بادی النظر میں استحقاق کی کوئی بات نہیں ہے۔ جی جناب اشتیاق اظہر صاحب۔

(i) *RE*: SHIFTING OF CAMP OFFICE (MINISTRY OF LAW) FROM KARACHI TO ISLAMABAD

Syed Ishtiaq Azhar: In reply to my questions, the learned Minister of Law and Justice on 17-7-91 has been pleased to state on the floor of the House that Camp Office of Ministry of Law and Justice at Karachi has been wound up in order to centralise the legal work at Islamabad and for saving.

It was further stated that Deputy Attorney General posted at

Karachi has no power to assign any case to the advocates on behalf of Government of Pakistan.

Both the answers are not correct. The officials of Ministry of Law and Justice has misinformed the House. Factual position is quite different as stated by learned Minister at the House on 17-7-1991.

After winding up the Camp Office from Karachi, only 1, O. S. (Grade-16) has been transferred from Karachi to Islamabad and all other staff is still posted at Karachi. The telephone, telex, vehicle, furnitures etc. are still in use at Karachi.

The learned Deputy Attorney General posted at Karachi is assigning court cases to various advocates and all cases are still being dealt with at Karachi.

The above facts clearly shows the breach of privilege of the House, hence the motion is admitted.

Mr. Chairman: Yes, Minister of Law.

Chaudhry Abdul Ghafoor: Opposed.

Mr. Chairman: Yes, it is opposed.

آپ اس پر کچھ مزید کہنا چاہیں گے۔

سید اشتیاق اظہر: نہیں بس میں نے جو کچھ کہا ہے اس میں ہے یہ breach of privilege انہوں نے صحیح facts بیان نہیں کئے۔

Chaudhry Abdul Ghafoor: Mr. Chairman, this question was also thoroughly gone into. I have requested them yesterday and I would again submit that this motion is sought to be moved and taken up on the two grounds Sir. No. (1) is that the stand taken by my learned predecessor that this Camp Office of Ministry of Law and justice was wound up on 23rd of December 1990 and some of the Officers were transferred to Islamabad and some of them continued working at Karachi; and No. (2) point is that the Deputy Attorney General is posted there and he is assigning cases to the Advocates and that again the answer to the question was 'no' that was not empowered to entrust cases to the Advocates. Sir. I oppose this motion on various grounds; one is that the factual position was correct at that time when the

motion was taken up, that was in July, 1991. The position was that one officer of Deputy Solicitor of grade 19-20 was posted there, he retired and afterwards that post could not be filled in and ultimately by the then Law Minister Mr. Iftikhar Gillani that post was transferred to Islamabad in the Law Ministry and was down graded to 17 to accommodate one Mr. Saeed as Asstt, Private Secretary from Peshawar but later on the only Officer working there remained grade-16 Officer and subsequently two other officers were appointed there, one is Deputy Attorney General and one is the Standing Consul. As a stop gap arrangements of course, the Deputy Attorney General, the officer appointed there was allowed to entrust cases to the advocates who were on the panel but both of the panels are in special cases, when some intricate question of law is involved from interpretation of the Constitution, naturally it is required then it is only Government who appoints that advocate and also when out of that panel somebody is interested then they seek the approval of the Law Department for the appointment etc.

So, now I know why the question is being raised quite often the reason is that two of the Officers were transferred to from those who belong to Sindh Province to the Law Department. Now, taking into consideration those difficulties at Karachi and we have reconsidered the matter of that the closure was not actually in the interest of public or the working of the law department there at Karachi; so we have reconsidered the matter and we have actually moved a summary to re-establish that office at Karachi and these two officers those who are working here in Law Department from Sindh, they will be ultimately transferred to that place. So, I feel, Sir, that there is nothing wrong in the answer given to question No. 26, 27 by the then Minister of State for Law and Parliamentary Affairs. So, I would request my friend not to press this motion, I would look into the matter and the grievances of those two officers or staff members will be mutual those who were posted here in the Law Department they will be sent back in the mean time when the summary would be approved, thank you.

Mr. Chairman: Yes, Ishtiaq Azhar Sahib.

Syed Ishtiaq Azhar: I do not press it.

Mr. Chairman: Thank you. Next is adjournment No. 30 and 33, Tariq Chaudhry and Abdur Rahim Khan Sahib.

(ii) ALLEGED OPERATION BY THE ARMED FORCES IN MOHMAND AGENCY

Mr. Abdur Rahim Khan Mandokhel: Mr. Chairman: I seek your leave under Rule 73 to move that the proceedings of the House be adjourned to discuss the operation of anihillation and destruction of the people of Mohmand Agency by the Armed Forces for weeks in the month of August 1991, which is a matter of very urgent and general importance. According to the authentic reports hundreds of the people have been killed, hundreds of houses and shops have been destroyed and water and electricity connections have been disconnected during the said operation as appeared in the daily 'Jang' Rawalpindi, 12th August, 1991.

چوہدری شجاعت حسین : جناب چیئرمین میں اس سلسلے میں گزارش کروں گا کہ اس ہاؤس کی کمیٹی already بنی ہوئی ہے اور جناب فدا محمد خان صاحب اس کے چیئرمین ہیں اور وہی اس چیز کو دیکھ رہے ہیں تو میرے خیال میں اس کو اسی کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

جناب چیئرمین : رحیم خان صاحب ذرا اس پر غور کر لیں یہ معاملہ جو آپ نے اٹھایا ہے یہ پہلے بھی اٹھایا گیا تھا اس کو سینٹ کی کمیٹی میں بھیج دیا گیا تھا اور اس کمیٹی نے اس پر کافی تفصیلی بات چیت کرنے کے بعد ایک کمیٹی بنائی ہے جس کے سربراہ فدا محمد خان ہیں اور میرا خیال ہے اس سیشن کے بعد کسی وقت اس کی کارروائی بھی مزید ہو گی تو اس کے پیش نظر آپ دیکھ لیں کہ اسے پریس کرنا چاہیں گے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جناب چیئرمین پہلی بات تو یہ ہے جو ہم نے موشن پیش کی ہے اس کے بعد سینٹ کا کوئی سیشن ہوا نہیں ہے اور سینٹ میں اس پر بحث تک نہیں ہوئی ہے یعنی یہ موشن نہیں لایا گیا ہے اگر کوئی ایسی کمیٹی بنائی گئی ہے تو میں اس کو کہوں گا ایک معنوں میں سینٹ کے حوالے سے unofficially پارلیمینٹ کے حوالے سے ایک پہلو یہ ہے دوسری بات یہ ہے کہ یہ ہماری بدقسمتی ہے خصوصی طور پر ہمارے قبائل کے لوگ، ان کا اپنا ایک سٹیٹس ہے ان کے ایک قسم کے self rules ہیں۔ وہاں agents کو جو مختلف قسم کی اتھارٹی ملی ہے صدر کے agents کو اور دوسروں کو، وہ اس اتھارٹی کو غلط استعمال کرتے ہیں ہمیشہ سے ہے یہ آج کا واقعہ نہیں ہے۔ وانا ساؤتھ وزیرستان میں

باقاعدہ ایک آپریشن کیا گیا۔ اور وانا کے تمام شہر کو بلڈوز کیا گیا۔ کسی ادارے نے بھی یہ نہیں پوچھا کہ ایک شہر کو مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا اور کس اتھارٹی کے کہنے پر ہوا۔ پھر اس کے بعد خیبر پر باقاعدہ توپوں سے حملہ کیا گیا operations کئے گئے ہم پشاور میں گولوں کی آواز سن رہے تھے اور وہاں کے گاؤں کے گاؤں اور شہروں کے شہر اجاڑ دیئے اور لوگوں کو مارا۔ اسی طرح درہ آدم خیل میں بھی اسی طرح کا ایک آپریشن کیا گیا اور پھر مہمند میں گندھاب جو باقاعدہ سب سے بڑی وہاں کی ایک منڈی ہے اس کو مکمل طور پر destroy کیا گیا۔

جناب والا ! یہ عمل مسلسل بغیر کسی اتھارٹی کے کیوں ہو رہا ہے۔ یہاں جو مہمند ایجنسی میں آپریشن ہوا، وہاں کے جو حقیقی پولیٹیکل ایجنٹ ہیں وہ Executive authority ان معنوں میں نہیں ہیں کہ وہاں کے rulers ہیں ہمارے وہاں کے دستور میں یہ provision ہے کہ ہماری اس پارلیمینٹ کے قانون کا اس پر اطلاق اس وقت تک نہیں ہوتا جب تک صدر direct نہ کرے۔ اور صدر کی direction بھی جناب والا ! اس صورت میں ہو سکتی ہے جب وہ ٹرائبل قومی جرگے سے منظوری ہو یعنی کسی کو یہ اختیار نہیں کہ وہ ٹرائبل ایریا میں کسی قسم کا عمل کرے۔ کسی قانون کا اس پر اطلاق نہیں ہو سکتا۔ لیکن یہاں ٹرائبل ایریا کی مہمند ایجنسی میں جو عمل ہوا جناب والا ! وہ یہ تھا کہ..........

جناب چیئرمین : دیکھیں ناں آپ تفصیل میں چلے گئے ہیں اس کی admissibility پہ بات کریں ناں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جناب والا اس کی اہمیت کے پیش نظر میری عرض یہ ہے کہ یہ admissible ہے جناب والا ! وہاں پر چینی کی ایک بوری پر دس روپے..........

جناب چیئرمین : یہ تو ساری تفصیلات کی باتیں ہیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : تو عرض یہ ہے کہ اسی طرح جو مختلف مظالم ہو رہے ہیں تو ان لوگوں کو یہ حق ہے کہ جن پر نہ کوئی کسی قسم کا ٹیکس ہے اور نہ کچھ اور، اس کے خلاف جو بھی وہ protest کریں، وہاں کا جرگہ جب protest کرتا ہے تو یہاں سے فوجیں مارچ کرتی ہیں اور وہاں operation کرتی ہیں۔ جناب آپ بڑے عالم ہیں اور سب یہاں بڑے عالم بیٹھے ہوئے ہیں انگریزوں کا ایک طریقہ ہوتا تھا کہ punitive

punitive expeditions کرتے تھے، آج 40 سال بعد ہم کہتے ہیں کہ ہم آزاد ہیں لیکن expeditions ہوتے ہیں اور ہمیں برباد کیا جاتا ہے اور ہمارے خون کو بہایا جاتا ہے۔ جناب عالی۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ کوئی بھی کمیٹی ہو اس کا میں احترام کرتا ہوں لیکن وہ کمیٹی اس سینٹ میں با اختیار بن جائے اور سینٹ کی منظوری سے اس میں تمام پارٹیوں کے لوگ ہوں۔ اور وہاں کی انٹیلیجنس ہے مظہر علی شاہ کو کیا اختیار ہے کہ لوگوں کو برباد کرے اور ان کے کروڑوں روپے کو تباہ کرے اس کی انکوائری کی جائے اور ان لوگوں کے خلاف جنہوں نے اپنے اختیارات سے تجاوز کیا اور جرائم کئے ہیں میں کہوں گا کہ ان کو سزا دی جائے۔ ایسے ہی یہ نکل جاتے ہیں۔

میری عرض یہ ہے کہ اگر یہاں سینٹ کی کمیٹی ایک بنے اور وہ وہاں مکمل انکوائری کرے۔ اس میں میں یہ کہوں گا کہ وہاں کے گورنر جنجوعہ صاحب کے بھی orders ہیں اس کی بھی انکوائری ہو کہ اس کو کیا اختیار تھا کہ تمام علاقے کو برباد کرے۔ اس کی انکوائری ہو اگر یہ کر سکتے ہیں تو............

جناب چیئرمین : اس میں یہ ہے کہ آپ کی جو کمیٹی قبائلی علاقہ جات کے لئے ہے اسی میں باقاعدہ ایجنڈے پہ لا کر بات چیت سن کر کمیٹی بنائی گئی تھی اور اب یہ کمیٹی باقاعدہ طور پر authorized ہے کہ اس کی چھان بین کرے اور مجھے خوشی ہے کہ کمیٹی کے جو سربراہ ہیں وہ فدا محمد خان صاحب ہیں جو سابقہ گورنر بھی ہیں اور ان کو اس علاقے کا کافی پتہ بھی ہے اس میں ہمارے ٹرائبل علاقے کے ممبران بھی شامل ہیں۔ میرے خیال میں آپ اس پر غور کر لیں کہ آپ اس کو پریس کرنا چاہیں گے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جناب والا ! میں سب اپنے رہنماؤں کا احترام کرتا ہوں لیکن جناب ہمارے گورنروں کی شہرت اچھی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : چلیں اس معاملے کو چھوڑیں اب یہ دیکھیں کہ پریس کرنا چاہیں گے اس کو ؟

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : ہمارے جو اس میں ٹرائبل نمائندے ہیں اس کمیٹی میں، تو میں یہ کہوں گا کہ یہ کمیٹی با اختیار بنائیں۔ جس کو مکمل اختیار ہو۔

جناب چیئرمین : تو اس کو پریس کریں گے اس بیان کے پیش نظر کہ کمیٹی کے پاس چلا جائے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : اگر یہ کمیٹی اس طرح یہاں Construct ہو۔۔۔

جناب چیئرمین : نہیں نہیں آپ کی سٹینڈنگ کمیٹی، آپ کے ہاؤس کی سٹینڈنگ کمیٹی ہے۔۔۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : میں جناب ہاؤس کی سٹینڈنگ کمیٹی کو سمجھ رہا ہوں اس کے علاوہ کوئی نہیں بن سکتی جناب والا ؟

جناب چیئرمین : نہیں اب تو بن گئی ہے ناں اب آپ کی جب رپورٹ آ جائے گی۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین : اب اس طرح کریں نا کہ آپ کمیٹی کے چیئرمین سے بھی بات کر لیں اور جب کمیٹی کی رپورٹ آئے گی تو ایوان میں اس پر بحث بھی ہو جائے گی۔ اگر آپ چاہیں گے تو۔ کیونکہ جو بھی کمیٹی کی رپورٹ ہوتی ہے ایوان اس پر بحث بھی کر سکتا ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : بس ٹھیک ہے میں اس میں یہ رکھنا چاہتا ہوں کہ جب کمیٹی کی رپورٹ سینٹ میں آ جائے تو اس پر مکمل بحث ہو۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے شکریہ جی۔

So, in the light of this statement by the Minister that the matter will be taken up by the committee and the report of the Committee could be debated in the House by an appropriate motion the honourable Member does not press this particular adjournment motion. Next Adjournment No. 66 — Ishtiaq Azhar Sahib.

سید اشتیاق اظہر : یہ جیسا کہ آپ نے کہا تھا کہ وزیر تعلیم موجود نہیں ہیں۔۔۔

جناب چیئرمین : اچھا یہ کہتے ہیں جی کہ وزیر تعلیم موجود نہیں ہیں لہٰذا اسے ڈیفر کر دیا جائے۔

Next No. 67 -- Syed Is[illegible] Azhar on the reported installation of defective electric meters after 1984.

(iii) *RE:* ALLEGED TEMPERING WITH THE ELECTRICITY METERS BY KESC

Syed Ishtiaq Azhar : It has been published in daily newspapers at Karachi that all the meters installed by KESC, for recording the electric consumption hereinafter 1984 are about 10% fast. The tempering of meters by KESC is illegal, criminal breach of trust, violation of law, against the terms of licence granted to KESC by the Government cheating, fraud and against the national cause. All the members of Parliament residing in Karachi are also consumers of KESC and thus it is also breach of the privilege of members of Parliament including the undersigned.

It is highly objectionable that the tempering of meters, by the orders of then M.D. KESC Mr. Arshad Bukhari, KESC had recovered about 431 crores of rupees from the consumers including the members of Parliament illegally and this illegality is still continued.

I demand that Ministry of Water and Power should explain the position and 430 crores of rupees recovered illegally should be refunded to the consumers. If the Government had not issued any order in this respect for over charging then the then M.D. is responsible and he should be dismissed. My motion be admitted and discussed in the House.

Mr. Chairman : Is it being opposed ?

Jam Muhammad Yousaf : Sir, I oppose this.

جناب چیئرمین : جی فرمایئے۔جی یہ کس طرح privilege motion بنتا ہے۔

سید اشتیاق اظہر : جناب یہ "جنگ" اخبار میں چھپا ہے۔ اور ایک خبر ہے پریس کانفرنس ہوئی ہے جس کی اب تک تردید نہیں ہوئی ہے۔ KESC کی منیجنگ ڈائریکٹر ارشد بخاری کے حکم پر تمام نئے میٹروں کا 10 فیصد میٹر تیز کر دیا گیا اور ان احکامات کو ابھی تک منسوخ نہیں کیا گیا۔ جس کے باعث صارفین 1984ء سے اب تک تقریباً 426 کروڑ روپے غیر قانونی طور پر ادا کر چکے ہیں انہوں نے الزام لگایا کہ رشوت خوری 'اقرباء پروری بدانتظامی عروج پر ہے بجلی کے نئے کنکشن کے حصول کے لئے سات ہزار روپے فی کس وصول کیا جارہا ہے۔ اور اس کی بہت تفصیلی بات ہے۔ میرے پاس پورا ریکارڈ موجود ہے۔

میں عرض کرتا ہوں کہ اگر ہمارے وزیر واپڈا کو اس پر کوئی اعتراض ہے تو میں یہ سارا ریکارڈ دینے کو تیار ہوں اور سینٹ کمیٹی واپڈا اس سارے معاملے پر غور کرے اور یہ الزامات اگر غلط ثابت ہوں تو پھر کوئی کارروائی نہ کی جائے اور اگر صحیح ثابت ہوں تو جس چٹھی پر عمل ہو رہا ہے تو پھر متعلقہ افسران کے خلاف کارروائی کی جائے اور غیر قانونی طور پر وصول کی گئی رقم کراچی والوں کو واپس کرائی جائے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی۔ جناب جام یوسف صاحب۔

جام محمد یوسف : جناب میں اس بنیاد پہ اس کو اپوز کر رہا ہوں کہ جو KESC کے میٹرز various companies میں سے جو competitive bidding کے تحت select ہوا کرتی ہے ٹینڈر جو international float کیئے جاتے ہیں۔ اور جس طرح سینیٹر صاحب نے فرمایا کہ جو اس میں collaboration of the meter is done is not according to the international standard پھر جو fast کرنے کے بارے میں کہا ہے کہ manufacture کرنے والوں نے کئے ہیں وہ install کئے جاتے ہیں دس فیصد میں جو تقریباً gross آتی ہے 430 کروڑ روپے تو جس طرح کہا گیا کہ دس فیصد زیادہ consumers سے چارج کیا گیا Manufacture Sir, provides sealed meters internationally اور اس کو صارف کے حوالے کیا جاتا ہے پھر خود install کئے جاتے ہیں اور ایک سال کی اس کو گارنٹی بھی دی جاتی ہے۔ اگر کوئی خرابی ہو جاتی ہے تو اسے وہ replace کرتے ہیں

Mr. Chairman: So, factually you are denying the news.

جی جناب اشتیاق اظہر صاحب کہتے ہیں کہ یہ غلط خبر ہے۔

سید اشتیاق اظہر : میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ جو میں نے proposal دی ہے کہ سینٹ کی سٹینڈنگ کمیٹی واٹر اینڈ پاور کے سامنے میں سارا ریکارڈ رکھنا چاہتا ہوں وہ انکوائری کر لے۔

جناب چیئرمین : نہیں یہ بتائیں کہ آپ کا میٹر تیز چل رہا ہے ؟

سید اشتیاق اظہر : جی ہاں میرا بھی تیز چل رہا ہے۔

جناب چیئرمین : تو آپ نے کوئی رپورٹ کی پولیس کو کہ چوری ہو رہی ہے۔

سید اشتیاق اظہر : ہمارے سیکرٹری جنرل نے با قاعدہ۔

جناب چیئرمین : سیکرٹری جنرل کو چھوڑیں ذاتی بات کریں ناں آپ کا اپنا میٹر اگر غلط چل رہا ہے اور سر دست آپ نے جو الزامات لگائے ہیں وہ تو چوری بھی بنتی ہے تو آپ اس کی پولیس میں رپورٹ کریں اور با قاعدہ اس کا ریکارڈ پیش کریں۔ یعنی تحریک التواء کے حقائق سے وہ کر رہے ہیں۔

سید اشتیاق اظہر : میں یہی عرض کر رہا ہوں ناں کہ اس کی انکوائری کرائی جائے۔

جناب چیئرمین : نہیں انکوائری تو تحریک التواء کے through نہیں ہوتی ناں۔ اس میں تو یہ ہوتا ہے کہ اگر قواعد کے تحت ہے تو اس پہ بحث ہو گی۔

سید اشتیاق اظہر : موصوف یہ خود چیک کر لیں تو............

جناب چیئرمین : چلیں آپ ان کو ریکارڈ دے دیں So, in the light of the statement by the Minister, the motion is not pressed and the record to be handed over to the Minister for appropriate action.

Syed Ishtiaq Azhar: Thank you.

ADJOURNMENT MOTIONS

Mr. Chairman: OK. Next stands in the name of Hafiz Hussain Ahmad that is adjournment motion No. 78.

Mr. Manzoor Khan Gichki: On his behalf.

جناب چیئرمین : وہ کیسے ہو سکتا ہے ؟ یہ تو میرا خیال ہے قواعد کے خلاف ہے کیوں جی عبداللہ شاہ صاحب ؟

سید عبداللہ شاہ : یہ خلاف قاعدہ ہے۔

جناب چیئرمین : ہاں تو مولانا صاحب نے کوئی اطلاع بھی نہیں دی اور ان کے behalf یہ بھی موشن move نہیں ہو سکتا۔ تو نہایت افسوس کے ساتھ اس کو drop کیا جاتا ہے۔ اگلا حافظ حسین احمد صاحب نمبر 82۔

That will also meet the same fate. So, that brings us to the end of the adjournment motions. Now, we move to the legislative business. Item No. 3, Chaudhry Shujaat Hussain.

Syed Iqbal Haider: Point of order, may I draw your kind attention that in the last session of the Senate while passing the Highway Authority Act an insurance was given that the amendments which were suggested by the House and appreciated by the treasury benches, will be brought in the House in the next session as an amendment of the Highway Bill that has not been done Sir.

جناب چیئرمین : وہ بھی دیکھ لیں گے جب ہائی وے بل آ جائے گا پھر دیکھیں گے۔

سید اقبال حیدر : جناب ہائی وے بل آئے گا نہیں وہ تو پاس ہو گیا ہے۔

جناب چیئرمین : پھر اس کا point of order میں کیسے قبول کر لوں۔

سید اقبال حیدر : وہ حکومت کی ایک assurance تھی۔

جناب چیئرمین : پھر وہ ایک مناسب طریقے سے لے آئیں۔

سید اقبال حیدر : پریویلج موشن باقاعدہ move کر لوں ؟

جناب چیئرمین : جو مرضی ہے کریں وہ دیکھیں گے جب آئے گا۔ جی جناب چوہدری صاحب آئیٹم نمبر3۔

THE SURRENDER OF ILLICIT ARMS BILL, 1991

Chaudhry Shujaat Hussain: Sir, I beg to move that the Bill to provide for the surrender of illicit arms and improvement and control of the law and order situation [The Surrender of illicit Arms Bill, 1991] as passed by the National Assembly be taken into consideration.

Honourable Members: Opposed.

جناب چیئرمین : جی فرمایئے چوہدری صاحب۔ یہ بل کیا اور اس کا مقصد کیا ہے ؟

چوہدری شجاعت حسین : جناب والا ! یہ ملک کی موجودہ امن وامان کی صورت کو سامنے رکھتے ہوئے لوگوں نے غیر قانونی اسلحہ جو رکھا ہوا تھا اس کے انسداد کے لئے جولائی

میں آرڈیننس جاری کیا گیا تھا اس کے بعد قومی اسمبلی میں اسے پیش کیا گیا جسے ترمیم کے ساتھ منظور کر لیا گیا اور اب اسے اسی صورت میں سینٹ میں پیش کیا ہے تاکہ پاس کیا جائے۔۔

جناب چیئرمین : اس میں آپ نے کوئی ہتھیاروں کے بارے میں سزائیں بڑھائی ہیں۔

چوہدری شجاعت حسین : جی ہاں اس سلسلے میں پہلے جو قانون تھا اس میں سزائیں بہت کم تھیں جب کہ اس میں سزائیں بڑھا دی ہیں۔

جناب چیئرمین : اچھا۔

سید اقبال حیدر : سزائیں نہیں بلکہ authority of the administration has been increased.

چوہدری شجاعت حسین : وہ جب بحث میں آئے گا تو اس میں ذکر کر دیں۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے۔

Syed Iqbal Haider : Sir, it is very extensive piece of legislation threfore, we need lot of time for it.

جناب چیئرمین : روز آپ کو ملتا ہے۔

سید اقبال حیدر : نہیں روز نہیں ملتا آج صبح ہمیں ملا ہے۔

جناب چیئرمین : لیکن اس کا نوٹس آپ کو پہلے مل گیا ہے۔

سید اقبال حیدر : سر یہ بل جو ہے یہ ہمیں آج ملا ہے۔

جناب چیئرمین : اس کا نوٹس سیکرٹری صاحب ! کب گیا ہے۔۔۔بہرہ ور سعید صاحب آپ کو نوٹس ملا تھا پہلے ۔۔میر عبدالجبار صاحب آپ کو ملا ہے پہلے۔

میر عبدالجبار : جی ہاں ملا ہے۔

سید اقبال حیدر : کب ملا ہے یہ پوچھیں جناب کس تاریخ کو ملا ؟ .... آج ملا۔

جناب چیئرمین : چیک کر لیتے ہیں۔ سیکرٹری صاحب ! یہ سرکولیٹ ہوا ہے اور کب ہوا ہے ؟............ یہ سیکرٹری صاحب مجھے بتا رہے ہیں کہ دو طریقے ہوتے ہیں۔ ایک یہ کہ جس وقت نوٹس موصول ہوتا ہے تو ہر ممبر کو خط کے ذریعے اطلاع دے دی جاتی

ہے کہ یہ ' یہ بل ہیں وہ آنے والے ہیں۔ دوسرا یہ ایوان میں بھی سرکولیٹ کیا جاتا ہے۔

سید اقبال حیدر : سر ہمیں وہ خط بھی نہیں ملا ہے۔ کیونکہ اس میں مجھے یاد ہے کہ آپ نے یہ نوٹس اسمبلی کا پڑھ کر سنایا تھا پیر کے روز ' کہ نیشنل اسمبلی نے مندرجہ ذیل بل پاس کئے ہیں۔ سر ہمیں ابھی تک نہ نوٹس کی کاپی ملی ہے اور نہ ہی ٹیکسٹ آف دی بل ملا ہے۔ اور ان bills کی بہت لمبی فہرست ہے۔

Mr. Chairman: We will take up.

توٹیلی کمیونیکیشن والا لے لیں۔

سید اقبال حیدر : جی ہاں یہ لے لیں۔ وہ ہمیں مل چکا ہے۔

جناب چیئرمین : اچھا دیکھتے ہیں اگر نوٹس چلا گیا ہے تو پھر جواز نہیں بنتا اگر نہیں تو پھر آپ کی بات جائز ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین : نہیں نہیں۔ you are saying but if notice has been issued then obviously it is not the fault of the office. یعنی جو طریقہ کار ہے اس کے مطابق اگر آپ کو اطلاع دے دی گئی ہے تو پھر that should be sufficient

جناب منظور احمد گچکی : بنیادی طور پر اس پر debate تو ہم اپوزیشن والے ہی کریں گے جب اپوزیشن کو ہی نہیں ملا ہے تو..................

جناب چیئرمین : نہیں میں یہی دیکھنا چاہ رہا ہوں کہ اپوزیشن کو ملا ہے یا نہیں۔ اور کیا تمام ممبران کو ملا ہے یا صرف چند ممبران کو ملا ہے اگر تمام کو چلا گیا ہے then obviously you have no justification ابھی دیکھ لیتے ہیں۔

چوہدری عبدالغفور : میرا خیال ہے یہ بل پہلے بھی ایک دن ایجنڈے پر آچکا ہے اس دن بھی سرکولیٹ ہو چکا ہے آج تو یہ 2nd time بل ایجنڈے پر ہے۔ اس لئے آج اس کو مزید ڈیفر کرنا اس شکل میں کوئی جواز نہیں بنتا۔ نوٹس کے علاوہ پہلے بھی ایک دن سرکولیٹ ہو چکا ہے۔ when it is placed on the agenda Sir, it is incumbent that the Bill is circulated. It was circulated at that time.

جناب چیئرمین : دیکھیں ناں یہ نوٹس انٹیریر منسٹر کی جانب سے جب سینٹ کو موصول ہوا تو ہمارے سیکرٹری عزیز احمد قریشی صاحب کا نوٹ ہے۔ Please issue to all Senators and this has been signed on 3rd of November. اب میں یہ چیک کروں گا کہ کیا ان کے احکامات کے بعد سرکولیٹ ہو گیا اگر ہو گیا ہے تو پھر fine ۔

سید اقبال حیدر : ابھی ٹیلی کمیونیکیشن کا بل لے لیں۔

جناب چیئرمین : نہیں نہیں یہ دیکھ لیں ناں۔ اس کو مزید چیک کر لیتے ہیں۔

میاں عالم علی لالیکا : یہ جناب ہمیں موصول ہوا ہے 3rd of November کو۔

سید اقبال حیدر : جناب والا' میں اکیلا نہیں ہوں میں کہوں گا کہ حزب اختلاف کے اراکین کے ساتھ امتیازی سلوک برتا جا رہا ہے۔ حزب اقتدار کے اراکین کو تو فوراً پہنچایا جاتا ہے اور حزب اختلاف کے اراکین کو نہیں پہنچایا جاتا۔

جناب چیئرمین : وہ چیک کر لیتے ہیں کہ صرف حکومت کے ممبران کو دیا گیا ہے کہ سب کو دیا گیا ہے۔

سید اقبال حیدر : میں لالیکا صاحب کے کہنے پر یقین رکھتا ہوں ان کو ضرور ملا ہو گا انہیں ڈاکومنٹس دکھانے کی ضرورت نہیں ان کو ضرور ملا ہو گا۔ ہمیں نہیں ملا۔

Mr. Chairman: We will check it up.

جبار صاحب کافی ریکارڈر کھتے ہیں۔ جبار صاحب، آپ کو ملا ہے کہ نہیں ؟

میر عبدالجبار خان : جی مجھے مل گیا ہے۔

جناب چیئرمین : ان کو مل گیا ہے جن کے پاس ریکارڈ ہے ان کو تو مل گیا ہے۔

سید اقبال حیدر : جناب ریکارڈ تو میرے پاس بھی ہے اور اتنا موٹا ریکارڈ ہے کہ اٹھانا مشکل ہے۔

جناب چیئرمین : میں دفتر کے ریکارڈ سے چیک کر لیتا ہوں کہ یہ مل گیا ہے کہ نہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین : پھر مناسب بات نہیں ہے اگر آپ کو 3ر نومبر کو نوٹس مل گیا تو پھر یہ کہنا کہ تیاری کا وقت نہیں ہے وہ مناسب نہیں ہے۔ میں چیک کر رہا ہوں کہ آپ کے پتے پر جس طرح جاتے ہیں نوٹس چلے گئے ہیں کہ نہیں وہ ریکارڈ دیکھ لیتے ہیں۔

میاں عالم علی لالیکا : جناب چیئرمین میں اجازت چاہوں گا کہ یہ بات مسلمہ ہے کہ 3 نومبر کو نوٹس گیا اور نوٹس کے ساتھ بل ہمیں موصول ہوا۔ اور جہاں تک ہمارے وزیر قانون صاحب کا یہ فرمان ہے کہ آرڈر آف دی ڈے پر بھی آیا تو جو 4ر نومبر کا آرڈر آف دی ڈے ہے اس میں بدقسمتی سے نہیں ہے اس میں 14 آئٹمز تھے اس میں یہ Illicit Arms والا بل display نہیں ہوا۔

جناب چیئرمین : قانون سازی میں طریقہ کار یہی ہے کہ ممبروں کو نوٹس جاتا ہے اگر نہیں گیا تو Then you are justified. لیکن اگر یہ نوٹس چلا گیا ہے تو پھر قانون سازی کو delay کرنا مناسب نہیں ہے۔ جی یحییٰ بختیار صاحب۔

Mr. Yahya Bakhtiar: Sir, I wanted to say that perhaps it was sent but we were already here and they sent it at our addresses in Quetta, in Multan and Lahore at different places.

(Interruptions)

Mr. Chairman: I will just check it up.

Mr. Yahya Bakhtiar: As far as I know, I saw a notice about it on the table here, but no copy of the Bill was attached, with it.

جناب چیئرمین : میں ذرا دیکھتا ہوں کہ کیا کیا ہے۔

جناب گلزار احمد خان : جناب یہ بل تو پاس ہو ہی جائے گا کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے اگر اپوزیشن تھوڑی سی دل کی بھڑاس نکال لے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔

جناب چیئرمین : مجھے صرف دقت یہ ہے کہ میں چاہتا ہوں کہ جو بھی طریقہ کار بنے آئندہ کے لئے بھی تو ایک گائیڈنس ہو گی یہ نہ ہو کہ ایک ایسی مثال بن جائے جو غلط ہو اگر آپ کو نوٹس اسی طریقے سے جاتے ہیں تو ہر دفعہ یہی اعتراض ہو گا تو I want to be clear کہ ہوا کیا ہے۔ Then we will see.

چوہدری شجاعت حسین : جناب چیئرمین ' کل آپ نے حکم فرمایا تھا اس لئے ' "جنگ" ' "نوائے وقت" اور فرنٹیر پوسٹ ' کے متعلق آج مجھے سٹیٹمنٹ دینا تھی۔

جناب چیئرمین : چلیں جب تک وہ ریکارڈ آتا ہے آپ اسی اثنا میں وہ سٹیٹمنٹ دے دیں ' فرمائیے۔

چوہدری شجاعت حسین : جناب والا ' اس سلسلے میں میں یہ کہوں گا کیونکہ اس دن فصیح اقبال صاحب نے یہ پیش کیا تھا کہ "جنگ" کے جو رپورٹر ہیں ان کے متعلق اور "نوائے وقت" کے دفتر کے اوپر حملہ ہوا اور اسی روز "فرنٹیر پوسٹ" کے ایک نمائندے کو گرفتار کیا گیا تو اس سلسلے میں حکومت سندھ نے جو رپورٹ دی ہے اس میں میں یہ کہوں گا کہ رئیس کمال کے گھر پر 27 اکتوبر 1991ء کو کچھ لوگوں نے جو کہ لطیف آباد ' حیدر آباد میں رہتے ہیں کچھ دوسرے آدمیوں کے ساتھ مل کر حملہ کیا اور ان کو مکوں اور لاٹھیوں سے زدوکوب کیا اور اس کے بعد دو موٹر سائیکلوں کے اوپر وہ حضرات جو آئے تھے وہ بھاگ گئے چنانچہ اسی دن 27 اکتوبر کو 9 بجے ان کا مقدمہ جو ہے وہ درج کر لیا گیا اور رئیس کمال نے کہا کہ میرے گھر کے اوپر پولیس گارڈ لگا دی جائے چنانچہ حکومت سندھ نے ان کے گھر کے اوپر پولیس گارڈ متعین کر دی ہے دوسرا "نوائے وقت" کے دفتر کے متعلق کہا گیا تو وہ یکم نومبر کو سات بجے شام تقریباً دو سو افراد نے روزنامہ "نوائے وقت" کے دفتر پر حملہ کیا۔ یہ افراد سوزوکیوں اور موٹر سائیکلوں پر سوار تھے فرنیچر کو انہوں نے نقصان پہنچایا اس کے علاوہ ٹیلیفون اور دوسرے سامان کو بھی توڑا ایک گاڑی جو وہاں کھڑی تھی اس کو بھی نقصان پہنچا۔ چنانچہ اس سلسلے میں پولیس نے اس کا مقدمہ کراچی میں درج کر لیا اور اب تک 16 افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے اسی سلسلے میں "فرنٹیر پوسٹ" کے جو نمائندے ہیں شبیر بھٹو ان کے متعلق انہوں نے وضاحت چاہی تھی تو میں یہ کہوں گا شبیر بھٹو کو سکھر کی بی سیکشن کی پولیس نے مورخہ 2 نومبر کو زیر دفعہ 365۔ اے میں گرفتار کیا ہوا ہے اور اس کا انہوں نے سات دن کا ریمانڈ لیا ہوا ہے جو 9 نومبر کو ختم ہو رہا ہے اس کے بعد انہوں نے کہا ہے جی کہ ہم اس سلسلے میں مزید تفصیلات بتائیں گے یہ جناب تفصیلات ہیں ان تینوں واقعات کی جو کہ حکومت سندھ نے بھی بھیجی ہیں اور میں نے ایوان کے سامنے پیش کر دی ہیں۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی، جتوئی صاحب۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب والا، شاید حکومت سندھ کی طرف سے وزیر داخلہ کو بہت سی غلط انفارمیشن دی گئی ہے، شبیر بھٹو کو کل شام چھوڑ دیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین : یہ آج اخبار میں آگیا ہے جی۔

سید اقبال حیدر : وزیر موصوف کی اطلاعات زیادہ مصدقہ ہوتی ہیں ان کے پاس چودہ سے زیادہ ایجنسیز ہیں ان کو زیادہ پتہ ہو گا کہ وہ ابھی بھی ریمانڈ میں ہو گا۔

(مداخلت)

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب والا، میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ جو انہوں نے 365 (اے) کا ذکر کیا ہے اب ایسا تو نہیں کہ اب آج پھر ان کو دوبارہ گرفتار کر کے دکھا دیں کہ جی وہ 365 (اے) میں بند پڑا ہوا ہے کل مجھے ٹیلیفون کے ذریعے اطلاع ملی کہ ان کو رہا کر دیا گیا ہے اب یہ پتہ نہیں کہ وزیر صاحب کو کس طرح انفارمیشن ملی ہے۔ آج صبح ہوئی ہے کل کی پھر حکومت کی نیت کس طرح سے بدل گئی ہے یہ ذرا وزیر داخلہ صاحب آئندہ.......... کم از کم یہ تو پوچھ گچھ کریں حکومت سندھ سے کہ اس طرح سے کیوں کرتے ہیں کہ اس اعلیٰ ترین آگسٹ باڈی میں اس طرح سے آ کر ایوان کے فلور پر ایک ذمہ دار وزیر بیان دے رہا ہے کہ اس کو 365۔ اے میں گرفتار کیا ہوا ہے اور 9 نومبر تک اس کا ریمانڈ ہے اور کل شام کو اس کو رہا کیا گیا ہے تو یہ ساری نیت کیسے تبدیل ہوئی ہے۔

چوہدری شجاعت حسین : یہ تو آپ کہتے ہیں۔

جناب چیئرمین : ابھی تک وہ ریکارڈ نہیں آیا، اس کو ایک دو دن کے لئے ڈیفر کر دیتے ہیں اسی دوران دوسرا لے لیتے ہیں As a special relaxation we are doing it. لیکن مہربانی کر کے آئندہ اگر رولز کی خلاف ورزی ہے تو please bring it to my notice.

سید اقبال حیدر : جناب میری ایک اور گزارش ہے وہ یہ ہے کہ آئندہ اور جتنے بل آنے ہیں براہ مہربانی یقین مانیں میں ابھی بول رہا ہوں کہ ابھی تک مجھے بل کی کوئی کاپی نہیں ملی۔

<u>جناب چیئرمین :</u> آپ کا ایڈریس ہمارے پاس ہے کہ نہیں

<u>سید اقبال حیدر :</u> میں نے ایڈریس دیا ہوا ہے۔

(interruption)

Syed Iqbal Haider: Yes, I have no fixed address. My learned Minister has very kindly corrected me solely because the Ministry of Works is not prepared to allot me a single suit or room to me in any hostel of the National Assembly or the Federal Lodge, and because they are diplomating against me.

<u>جناب چیئرمین :</u> نہیں پر کہیں تو آپ رات کو رہتے ہوں گے۔

<u>سید اقبال حیدر :</u> جناب والا وہ رات کو رہنے والا ایڈریس میں نے دیا ہوا ہے۔

<u>جناب چیئرمین :</u> سیکرٹری صاحب please make sure کم از کم کو جو لیڈران ہیں مختلف پارٹیز کے ہاؤس میں ان کو ذاتی طور پر ensure کریں کہ they get copies and also Iqbal Haider Sahib look at the rules and see if the rules are complied, if not, please bring it to my notice.

Syed Iqbal Haider: Thank you.

<u>سید طارق محمود :</u> میں معزز سینٹر صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کو کل تک رہائش مل جائے گی۔

<u>جناب چیئرمین :</u> کل تک رہائش مل جائے گی، اقبال حیدر صاحب آپ کو مبارک ہو۔

<u>سید اقبال حیدر :</u> شکریہ جی۔

THE PAKISTAN TELECOMMUNICATION CORPORATION BILL, 1991

Mr. Chairman: Now we take up Item No. 5, Mr. Muhammad Azam Khan Hoti, please.

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Mr. Chairman, Sir, I beg to move:

> "that the Bill to establish a Pakistan Telecommunication Corporation [The Pakistan Telecommunication Corpora-

tion Bill, 1991]. as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

Mr. Chairman: Opposed.

(Opposed)

Mr. Chairman: Mr. Hoti please explain as to what is this Bill and what are its objects?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Sir, I don't know they are using telephones but they are opposing a telephones Bill, why?

جناب والا اگر مجھے آپ تھوڑا موقع دیں گے تو میں اس پر کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی آپ فرمایئے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا، یہ بل جو زیر غور ہے اور قومی اسمبلی سے پاس ہو کر سینٹ میں آیا ہے جناب والا، اس سے پہلے یہ ٹی اینڈ ٹی ڈیپارٹمنٹ ہوا کرتا تھا ٹیلی فون اینڈ ٹیلی گراف ڈیپارٹمنٹ، اور وقت کے ساتھ ساتھ جوں جوں مواصلات کے نت نئے طریقے ایجاد ہوتے رہے اور ٹیلی فون ایک لگژری کی بجائے زندگی کی ایک ضرورت بن گئی اور جیسے انسان اور وقت کے درمیان ایک دوڑ جاری تھی اور انسان وقت سے آگے نکلنے کی کوشش کر رہا ہے جناب والا یہ ضرورت محسوس کی گئی کہ اس کا دائرہ وسیع کیا جائے کیوں کہ ٹی اینڈ ٹی کے محکمے میں کچھ ایسی limitations تھیں اور کچھ ایسی رکاوٹیں تھیں کہ اس کو جس لیول پر وسعت دینے کا ارادہ ہے اور تھا اس کے درمیان بہت سی رکاوٹیں تھیں لہٰذا میں آپ کو جناب والا، ایک مثال دوں کہ پچھلے 44 سال میں اس ملک میں کل کوئی 8 لاکھ ٹیلی فون تھے جب سے یہ موجودہ حکومت وجود میں آئی تو فیصلہ کیا گیا کہ کم از کم اس بنیادی ضرورت کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچایا جائے اور اسی پروگرام کے تحت war footing پر توسیع کا ایک پروگرام بنایا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ ڈیڑھ سال میں مزید ڈیڑھ لاکھ ٹیلیفون ملک بھر میں صارفین کو مہیا کئے جائیں گو کہ بالفاظ دیگر جناب والا، دیکھا جائے تو گذشتہ 44 سال میں جتنے اس ملک میں کل ٹیلیفون کنکشن تھے یعنی آٹھ لاکھ آئندہ آنے والے ڈیڑھ سال میں کوئی ایک سو پچاس فیصد ان میں توسیع ہو رہی ہے۔

جناب والا ! اتنا بڑا منصوبہ اور اتنی بڑی war footing extension کے ساتھ ضرورت محسوس کی گئی کہ ایک autonomous body بنائی جائے تب جا کر یہ کام ہو گا کیوں کہ اس میں بہت سی involvements تھیں ایک تو افرادی قوت کی involvement ' میرا خیال ہے آج اس کارپوریشن میں کوئی تقریباً 50 ہزار کے لگ بھگ ملازمین ہیں اور اس کے علاوہ اس میں expansion کے ساتھ مزید اضافہ جو ہو گا اسکے ساتھ افرادی قوت کی ضرورت بھی پڑے گی اور پھر اس میں فنانسر بہت involve ہیں۔ چونکہ یہ ' میں سمجھتا ہوں دفاع کے بعد واحد مد ہے کہ اس کی expansion میں کافی حد تک ملکی اور غیر ملکی زر مبادلہ کی صورت میں involvements ہیں تو یہ اس بنیاد پر کہ اسکو ایک autonomous body بنایا جائے تا کہ یہ اپنے فیصلے خود کر سکے development and expansion کے ' اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اس ملک کا کوئی ادارہ بھی حکومت کی گرفت سے یا حکومت کے کنٹرول سے آزاد نہیں ہے اور پھر جیسے یہ معزز ایوان کے لئے پالیسیاں بناتا ہے اور پھر حکومت اس کو آگے implement کراتی ہے لیکن جس پیمانے پر اس وقت ٹیلی فون ٹی اینڈ ٹی میں اضافہ ہو رہا ہے expansion ہو رہا ہے اس کے لئے یہ ضروری تھا کہ یہ کارپوریشن قائم کی جائے اب جناب والا اس میں کچھ خدشات بھی تھے۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین : ان پر بعد میں آئیں گے جب آپ وائنڈنگ اپ پر آئیں گے ' پہلے خدشات پر ان کو اظہار کرنے دیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : تو اس لئے جناب والا ! میں اس معزز ایوان سے استدعا کروں گا کہ یہ بل قومی اسمبلی میں بھی کافی thrash out ہو چکا ہے اور اس کو ہر ایک شق پر سیلیکٹ کمیٹی کے بعد قومی اسمبلی کے فلور پر اسکی ایک ایک شق پر بحث ہوئی ہے اور کافی لمبا چوڑا بل ہے اور clause by clause اس کو thrash out کرنے کے بعد پاس کیا گیا ہے لہٰذا میں معزز ایوان سے استدعا کروں گا کہ اس بل کی منظوری دی جائے۔

Mr. Chairman: Who wants to speak on the other side?

Syed Abdullah Shah: Sir, I have given some amendments also but they have not been so far processed.

جناب چیئرمین : آپ نے کب دی ہیں۔

Syed Abdullah Shah: I have given only this morning, Sir.

جناب چیئرمین : بہر حال آپ جنرل بحث کریں پھر اس پر آتے ہیں۔

Syed Abdullah Shah: Sir, my objection to this type of legislation is that it is being done by way of Ordinances when the two Houses are already there.

جناب چیئرمین : وہ بات تو اب ختم ہو گئی اب تو اس ایوان میں آ چکا ہے اب اس پر بحث کریں وہ تو آپ نے تحریک استحقاق بھی پیش کی تھی کہ آرڈیننس نہیں ہونے چاہئیں وغیرہ وغیرہ اب تو اس بل پر بحث کریں کہ یہ صحیح ہے یا غلط ہے۔

Syed Abdullah Shah: And then Sir, the way it is hurriedly passed through the Parliament, this is also not a very healthy practice. The Bill when it comes in form of Ordinance or whatever it should be circulated properly then it can go to the Committee. They can scrutinize it. After all we are making laws and then it can come to the Parliament, whether in the National Assembly or Senate for proper discussion and the amendments can be moved.

Now, I have objection to three/four provisions. This Corporation will be managing the things of billions of rupees and now the Government is being given the power to appoint the Chairman and the directors of this Corporation and no qualifications whatsoever are prescribed for these people. So, any one from the street can be appointed as a Chairman, or as a Director, anybody can be favoured in this manner. Then Sir, another provision in this Act is that if the Government wants to wind up this Corporation no rules will apply to this sort of operation. This is Section 24. Thirdly Sir, that this Corporation is being exempted from paying taxes for a period of five years.

Now, these three/four points required consideration of this august House and the honourable Minister may kindly consider my submissions as I submitted before you that I have also moved amendments to this effect that to prescribe the qualifications of these high-ups *i.e.*, the Chairman or the Directors of this Corporation, this is my submission. Thank you.

جناب چیئرمین : جناب بہرہ ور سعید صاحب آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جناب چیئرمین صاحب 'میں اتنا عرض کروں گا کہ روز تو ہم یہی مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمارا ٹیلیفون کا کوٹہ زیادہ دیا جائے ہمیں پی سی او دیا جائے اور اگر اب اس کے لئے کارپوریشن بنائی جاتی ہے تو کچھ دوست اس پر معترض ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بہت اچھا اقدام ہے ' کارپوریشن کا قیام ' اس سے ٹیلیفون کے کنکشن دینے ہیں اور اس سے جو اور ضروریات ہیں لوگوں کی وہ پوری کی جائیں گی میرے دوست نے اس طرف تو نشاندہی کی ہے کہ اسکے چیئرمین کے لئے حکومت نے کوئی کوالیفیکشن مقرر نہیں کی ہے تو یہ اتنی بڑی چیز نہیں ہے کوالیفیکشن تو خود بخود اس میں آ جائے گی کیوں کہ جو ٹیکنیکلی کوالیفائیڈ ہو گا اسی کی تقرری کی جائے گی ہمیں چاہئے کہ بغیر بحث کے اس کو پاس کریں یہ تو بڑی مفید چیز ہے عوام کے لئے بھی ' ملک کے لئے بھی اور ساری دنیا کے لئے اس کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی حسن اے شیخ۔

Mr. Hasan A. Shaikh : Sir, I personally oppose to this hurrying up of legislation and not giving proper time to discuss the provisions. Today or yesterday I saw a requirement *i.e.*, you can get instantly a telephone if you pay Rs. 19,704. Now, if I have money and people who want telephone have money, they did not go to the Communications Ministry, they can pay nineteen thousand rupees and get immediately the telephone. When you admit that after the Defence it is one of the most important factor in the country then you must give a chance to the people to see that they get the services on the same payment as they are doing now. If you set up an organization and still take power to appoint the Chairman and still retain power for removal of difficulties to enact Ordinances and Orders and Rules then I suppose it is your duty to ensure that people at large are not pleased because of this Corporation and I am inclined to think that this Corporation is not intended to help the people to get telephone at the proper price but to help the people to please the people because as he said my lord, the Minister said, "we want to set up this organization but there will be difficulty if we do that in the government. Because if we do that in the government then question of finances will arise. How would we get the finance?" When in the same way as people get finances in the Corporation you can also get finances. The government has set up so many Corporations — there is Karachi Electric Supply Corporation there

are sop many other corporations if they can function without any difficulty why not this Telecommunication Corporation under the Government's control in every manner including the expenditure and I must say Sir, one of the greatest difficulty I find is that you get bills for the calls you never made. There are people who maintain a regular roster of the calls they make and after two months the Bill is received and that bill says although it was issued about fifteen days back it is received on the last day of payment. You have to rush up and make payment. So, therefore, I am inclined to think that the Government should give time to consider all the aspects of this matter before they rush through.

جناب چیئرمین : اور کوئی جی جناب لالیکا صاحب۔

میاں عالم علی لالیکا : جناب والا، اس ملک میں جتنی بھی کارپوریشنیں قائم ہوئی ہیں ان میں بہت کم ہیں جنہوں نے منافع کمایا ہے جنہوں نے اس ملک کے ریونیو میں اضافہ کیا ہے۔ ٹی اینڈ ٹی ڈیپارٹمنٹ واحد ایک ایسا ادارہ ہے جو پرافٹ کما رہا ہے جس نے اپنی allocation سے کہیں زیادہ انکم حاصل کی ہے اور شومئی قسمت یہ کہ اس کو اس کی earning کے تناسب سے allocation نہیں دی جاتی ترقیاتی allocation کی expansion اس کو نہیں دی جاتی۔ جناب والا، ٹیلی فون ایک ایسی چیز ہے جو سامان تعیش میں نہیں آتا بلکہ ضرورت زندگی بن گیا ہے خواہ وہ کاروباری طبقے سے متعلق لوگ ہوں سیاست سے متعلق ہوں یا زراعت سے متعلق ہوں ٹیلی فون ان کی اشد ضرورت ہے اور ٹیلی کمیو نیکیشن کارپوریشن کا قیام ایک بڑا خوش آئند عمل ہے اس میں جہاں تک میرے فاضل دوست میرے معمر بزرگ جناب حسن اے شیخ صاحب نے فرمایا /19770 روپے لے کر ٹیلی فون دے دیا جاتا ہے وہ پیسہ ناجائز طور پر نہیں لیا جاتا ٹیلی فون ڈیپارٹمنٹ نے ایک سکیم بنائی ہے ایڈوانس پے منٹ سکیم اس میں جو آدمی بیس ہزار روپیہ جمع کرا دیتا ہے اس کو آؤٹ آف ٹرن ٹیلی فون کنکشن مل جاتا ہے اور وہ 20 ہزار روپیہ اس کے بل میں سے منہا و مجرا کیا جاتا رہتا ہے اس طرح سے ٹیلی فون ڈیپارٹمنٹ کو ایڈوانس پیسے آ جاتے ہیں اور اسکی جو recovery ہے اس کے موخر ہونے کا احتمال ختم ہو جاتا ہے میں ٹیلی فون کمیو نیکیشن کے قیام کی تائید کرتا ہوں۔

جہاں تک اس میں سوال خامیوں کا ہے اس میں ایک بڑا اچھا اور حسین امتزاج پیدا کر دیا گیا ہے آرٹیکل 10 کے شامل کرنے سے جہاں چیئرمین پبلک سرونٹ ہو گا

The Chairman, Directors, Officers and servants of the Corporation shall when acting or purporting to act in pursuance of any other provision of this Act be deemed to be public servants within the meaning of Section 21 of the Pakistan Penal Code. اب یہ ایک بڑا حسین امتزاج ہے کہ کارپوریشن کا بطور کارپوریشن کے کام کرنے کا محنت کرنے کا مشقت کرنے کا ترقی کرنے کا اور اس کے ساتھ ہی ساتھ پبلک سرونٹ کا بطور چیئرمین ہوتے ہوئے اپنے اختیارات کے ناجائز استعمال سے باز رکھنے کا ایک بڑا اچھا طریقہ ہے اور میں اس کی پرزور تائید کرتا ہوں اور اپنے بھائیوں سے درخواست کرتا ہوں۔ دیگر کارپوریشنوں کا تو میں نہیں کہہ سکتا لیکن ٹیلی کمیونی کیشن کارپوریشن کے بل کے لئے میں درخواست کروں گا کہ اس کی پرزور تائید کریں اور اس کو پاس کریں۔

Mr. Hasan A. Shaikh: Point of order, Sir. I did not mention this 20 thousand advance payment, I mentioned Instaphone which has been giving advertisement for the last two or three days. That is an outsider, not a government body.

جناب چیئرمین : سید اشتیاق اظہر صاحب۔

سید اشتیاق اظہر : ہمیں تو اس محکمے کی بڑی خوشی ہے کہ بڑے انتظار کے بعد یہ جو آرڈیننس پر آرڈیننس بنتے رہے ہیں اب یہ بل کی شکل میں ہمارے سامنے غور کے لئے آیا ہے یہ واقعی ایک بڑا اچھا اقدام تھا کہ ٹیلی فون ڈیپارٹمنٹ کو حکومت کی چیرہ دستیوں سے نکالا جا رہا ہے اور ایک عرصے تک سیکرٹری کمیونی کیشن اس کے چیئرمین تھے وہ بھی صورت ختم کر کے اس کا باقاعدہ کل وقتی چیئرمین مقرر کیا گیا ہے اگر اب یہ منظور نہ کیا گیا تو ہو سکتا ہے پھر کوئی نیا آرڈیننس جاری کر کے اس کو continue کیا جائے یا پھر یہ حکومت کی تحویل میں دے دیا جائے اس خطرے کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں یہ ٹیلی کمیونیکیشن کا جو بل ہے اس کو منظور کیا جائے اور یہ اس لئے بھی ضروری ہے کہ ٹیلی فون ڈیپارٹمنٹ میں ایک طویل عرصے سے بارہ پندرہ سال سے ریفرنڈم بھی نہیں ہوا ہے وہاں کوئی سی بی اے یونین بھی نہیں ہے۔ اب اگر یہ بل منظور ہو جائے گا تو انشاء اللہ مجھے پورا یقین ہے جلد از جلد دسمبر میں ریفرنڈم کرا کے وہاں سی بی اے یونین بھی بنا دی جائے گی اور اس حوالے سے وہاں جو دھاندلیاں ہوتی رہی ہیں ان کا خاتمہ بھی ہو جائے گا

میرے خیال میں کئی نقطہ ہائے نگاہ سے یہ مناسب ہے کہ اس بل کو منظور کیا جائے اور اس سلسلے میں اب تک جو رکاوٹیں حائل ہیں وہ دور کی جائیں اور اس محکمے کو حکومتی کنٹرول سے آزاد کیا جائے اور اس پر دباؤ ڈال کر ٹیلی فون چارجز میں جو اضافہ کیا جا رہا ہے اس کا سلسلہ بھی رکنا چاہئے اس ادارے کو کام کرنے کے لئے پوری پوری آزادی ہونی چاہئے اور جب تک یہ آزادی حاصل نہیں ہوگی حکومت اپنا جبرو ستم قائم رکھے گی اور اگر یہ محکمہ ٹیلی فون کالوں پر اضافہ نہیں کرتا تو حکومت اپنا ٹیکس لگا کر اس پر جو جبر و ستم کر رہی ہے وہ جبر و ستم اس ملک کے سارے عوام پر ہے جو اس ٹیلی فون کی سروس سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں اور اٹھانے کے حقدار ہیں اور ٹیلی فون کالوں کی شرح میں اضافہ کر کے پورے ملک کے ساتھ زیادتی کی جا رہی ہے۔ اس میں اس محکمے کا کوئی قصور نہیں ہے میں سمجھتا ہوں یہ بل منظور ہونا چاہئے یہ کارپوریشن خود مختار ہونی چاہئے اس کو اپنا کام کرنے کا موقع ملنا چاہئے اور ایک سال میں اس کارپوریشن نے جو کارکردگی دکھائی ہے اس کی پذیرائی ہونی چاہئے اور اس میں سی بی اے یونین کا جلد از جلد ریفرنڈم کرا کر مزدوروں اور اس محکمے کے افسران کے تعاون سے ایسی فضا قائم ہونی چاہئے جیسے لالیکا صاحب نے کہا ہے ٹیلی فون ایک ضرورت بن گئی ہے اس ملک کے عوام کو سہولتیں حاصل ہونی چاہئیں انہیں زیادہ پیسہ خرچ نہ کرنا پڑے ایک اچھی سروس ان کے پاس ہو میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ بل منظور ہو گیا تو پھر ایک اچھے کام کی اچھائی کی طرف بنیاد رکھ دی جائے گی اچھی کارکردگی کی طرف اور اس سے پورے ملک کے عوام کو فائدہ پہنچے گا۔

Mr. Chairman: Thank you. Anybody else?

(Pause)

Mr. Chairman: Minister Sahib would like to respond to the observations of the honourable Members.

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Sir, I woulde certainly.

جناب والا' میں نے جیسے کہا جو بھی مسودہ تیار ہوتا ہے باوجود اس کے کہ بہت سوچ و بچار کے بعد اور خاص کر نیشنل اسمبلی جیسے ادارے سے نکل کر اس معزز ایوان میں آیا ہے وہاں بھی

اس پر کافی بحث ہو چکی ہے اور معزز سینیٹرز صاحبان کے مزید خدشات جو ہیں وہ بھی صحیح ہیں اور میں ان کا جواب دینے کے لئے تیار ہوں ایک تو جیسے معزز سینیٹر نے اشارہ کیا ہے appointment of Chairman کو جناب والا نیشنل اسمبلی میں یہ نکتہ اٹھایا گیا تھا ایک amendment propose کی گئی تھی کہ The Chairman should be a man of eminence. Now Mr. Chairman, the word, "eminence", which literaly means a man of qualification, a man of knowledge in his own domain but Sir, here we are talking of an Act whereas the word, "eminence", is a literature. So, it would be difficult for the court of law to define the word, "eminence".

کہ جی eminence کیا ہے۔ 'The man of eminence' ان باتوں کو جیسے انہوں نے اٹھایا کہ سول سرونٹ ہو گا تو لازمی بات ہے جس سول سرونٹ نے حکومت کی بیس پچیس سالہ نوکری کے بعد اور اتنا تجربہ حاصل کرنے کے بعد ہم ان کا یہ رائٹ نہیں deny کر سکتے اور ان کو کہیں کہ ان کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ کسی اٹانومس باڈی کے سربراہ بن سکیں اس کے باوجود کہ اس کا تجربہ اور اتنی کاوشوں کے اتنے سالوں کی محنت کے بعد حاصل کیا ہے جناب والا ! یہ جو سروس کی بات کی گئی wrong billing کی بات کی گئی اعتراف کرنا پڑے گا کہ واقعی یہ ہوا ہے آج تک ہمارے ملک میں جو سسٹم چلتا رہا wrong billing ہوئی ہے جس کو ہم ای ایم ڈی کہتے ہیں Electro Mechanics Switch System جو manually ہوتا تھا اور آپریٹر سے کال مانگتے تھے وہ آگے ملا کر دیتا تھا یہ کوئی ریکارڈ نہیں تھا کہ وہ کال کس کے کھاتے میں ڈال دی گئی ہے میں جوں جوں اس کی ضرورت پر زور دے رہا ہوں یہ کارپوریشن بن جائے اب تمام پرانے طریقے نئے طریقوں میں تبدیل ہو رہے ہیں اب digital system آ گیا ہے digital system یہ ہے ایک تو کسی سے نا انصافی نہیں ہو سکتی، کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ مجھے آدھا گھنٹہ انتظار کرایا اور دوسرے کو کال دے دی likes and dislikes جو اہلکار ہیں وہ نہیں کر سکتے کیونکہ وہ سکرین پر آتا ہے اور جوں جوں اس کی باری آتی ہے وہ carry کرتا جاتا ہے دوسری بات ڈیجیٹل سسٹم میں computer کا billing in built system کا ہے اگر آپ لوکل کال کریں گے اگر آپ این ڈبلیو ڈی پر کریں گے تو جوں جوں جیسے ٹیرف ہے اس کے " ساتھ میٹر چلتا جائے گا اور ساتھ ساتھ بل بھی بنتا جائے گا تو wrong billing کا واحد حل یہ ہے کہ یہ ڈیجیٹل

سسٹم پر جائے تو wrong billing ختم ہو جائے گی اب ڈیجیٹل سسٹم پر مکمل طور پر کب جائے گا اس کے لئے میں نے گزارش کی کہ اس کے لئے ذرائع کی اشد ضرورت ہے پیسے کی ضرورت ہے یہ واحد ڈیپارٹمنٹ ہے جیسے لالیکا صاحب نے فرمایا اس سال اس ڈیپارٹمنٹ نے تقریباً 11 بلین روپے کمائے۔ اگلے سال کا ہدف 16ء2 بلین ہے۔ پھر maintenance کو دیکھیں کہ اتنی لمبی سروس جو ہے شمال سے جنوب تک اور مشرق سے مغرب تک ملک کے چاروں کونوں میں جو لائنیں بچھی ہوئی ہیں ان کی maintenance پر کتنا پیسہ لگتا ہے پھر expansion اتنی expensive ہے جو سامان ہمارے ملک میں بن سکتا ہے ہماری فیکٹریاں بنا سکتی ہیں وہ تو یہاں پر بن جاتا ہے لیکن ایسی چیز ہے ماڈرن ٹیکنالوجی پر depend کرنا پڑتا ہے جناب والا میں ایک مثال دوں گا اب تک کراچی سے اسلام آباد تک جو سسٹم چل رہا ہے تقریباً 2600 paires ہیں لائن ہیں سرکٹ ہیں یا frequencies ہیں مطلب یہ ہے کہ 2600 لوگ بیک وقت بات کر سکتے ہیں اسی طرح اسلام آباد اور پشاور کے درمیان تقریباً 1160 ہیں اب کراچی سے لے کر پشاور تک آسٹریلیا کی مدد سے جو سسٹم بچھایا جا رہا ہے۔ fibre optic cable ایک کیبل میں 18 تاریں ہیں ہر ایک تار سر کے بال کے برابر باریک ہے اور ہر ایک تار میں بیک وقت سات ہزار speeches پاس ہو سکتیں ہیں اگر اس کو دیکھیں تو ہماری ضروریات آنے والے بیس سال میں بھی آدھی تاروں کو ہم utilize نہیں کر سکتے اس کے ساتھ اگر ایک تار بھی ہم ٹی وی کو دیں گے تو اس میں ٹی وی کے چار چینل پاس ہو سکتے ہیں جیسے ٹی وی بوسٹر بھی ہم مہیا کرتے ہیں repeaters ہم دیتے ہیں۔

دوسری طرف یہ دیکھیں کہ اس کی قیمت کیا پڑتی ہے یہ تو ٹھیک ہے کہ آنے والے expansion کے جو منصوبے ہیں ان کے لئے مدد ملے گی کوئی تکلیف پیش نہیں آئے گی اگر اس ملک میں 2 کروڑ ٹیلی فون بھی ہو جائیں تو اس کو ایک کیبل برداشت کر لے گی لیکن پھر اس کی قیمت بھی دیکھیں۔ ایک شہر کے اندر ایک میٹر گیارہ ہزار روپے میں پڑتا ہے اس کے لئے پھر فارن ایکسچینج کے جانا پڑتا ہے اس کے لئے معاہدہ کرنا پڑتا ہے۔ naturally guaranteed by the Federal Government of Pakistan.

جناب والا، اس ملک کا کوئی بھی ادارہ اتنا آزاد نہیں ہے کہ وہ حکومت کے فیصلوں کے برعکس کام کرے یہ معزز ایوان جو ہیں فیصلے کرتے ہیں اور پھر قانون بناتے ہیں اور پھر حکومت وقت ان پر عملدر آمد کراتی ہے فیصلے تو یہیں ہوتے ہیں۔ جناب والا، ٹیرف کی بات کی گئی میں اس کو defend نہیں کروں گا کہ ٹیرف زیادہ نہیں ہے لیکن ٹیلی فون استعمال کرنے والا جو صارف ہے وہ تو صرف انگلی گھمانا جانتا ہے ان کو یہ احساس نہیں ہوتا کہ انگلی گھمانے کے بعد اس میں کتنے عوامل کار فرما ہیں اس کے پیچھے کتنی بڑی فورس ہے جو یہاں اسلام آباد سے بیٹھے بکرا منڈی تک فلیٹ ریٹ پر ایک کال جاتی ہے بہت کم ملک ہوں گے جہاں فلیٹ ریٹ پر لوکل کال جاتی ہے۔ باہر جا کر آپ دیکھیں وہاں تو ایک محدود وقت کے بعد میٹر شروع ہو جاتا ہے لوکل کالز پر یہ جو حال ہی میں ٹیرف میں اضافہ ہوا ہے اس پر 25 فیصدی ایکسائز ڈیوٹی لگی جناب کمیونی کیشن کی منسٹری تو ایکسائز ڈیوٹی نہیں لگا سکتی وہ تو وزارت خزانہ کا کام ہے ان سے پوچھیں انہوں نے کیوں ایکسائز ڈیوٹی لگائی ہے ہم تو جو ٹیرف لگاتے ہیں وہی لگاتے ہیں جو قیمت ہم وصول کرتے ہیں اور اس کے بدلے پھر ہم سہولت دیتے ہیں۔

جناب والا، یہ جو ان کے خدشات ہیں صحیح ہے جیسے حسن اے شیخ صاحب نے فرمایا کہ 20 ہزار روپے لے کر ٹیلی فون لگاتے ہیں میں اس کے ڈیفنس کے لئے بالکل نہیں بولوں گا یقیناً کرپشن ہے بالکل یہاں پر رشوت لی جاتی ہے لیکن جس کا ذکر یہ کر رہے ہیں یہ الگ سکیم ہے اس سکیم کے تحت 20 ہزار روپے دے کر priority پر ٹیلی فون لگ سکتا ہے آج ملک کے تمام Exchange full ہو چکے ہیں right upto the neck وہ جوڈیڈ لائن ہے جس سے آگے نہیں ہونے چاہئیں وہ بھی دے دیئے گئے ہیں اب جب یہ expansion نہیں ہوگی more Exchanges نہیں آئیں گے کیبلز نہیں بچھیں گی تو یہ مسئلہ رہے گا اور اس کا واحد طریقہ یہ ہے کہ اس کو سرخ فیتے سے آزاد کیا جائے ایک اٹانومس باڈی بنائی جائے اور اس کو اختیار ہو انویسٹمنٹ کا اور اپنے منصوبوں کو آگے چلانے کا میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ اس کو پاس کیا جائے۔

Mr. Chairman: Thank you. I will put the motion before the House. It has been moved by the Minister of State for Communications that the Bill to establish a Pakistan Telecommunication

Corporation — [The Pakistan Telecommunication Corporation Bill, 1991], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman: Motion stands passed. Now, I will take the Bill clause by clause.

آپ کی کچھ امنڈمنٹس ہیں عبداللہ شاہ صاحب۔

سید عبداللہ شاہ : وہ ابھی تک سرکولیٹ نہیں ہو رہیں۔

جناب چیئرمین : صبح ذرا وقت پر دیا کریں۔ بہرحال آپ کے پاس اس کی امنڈمنٹس ہیں۔

Syed Abdullah Shah: No. Sir, I don't have a copy. I give it to the Office.

جناب چیئرمین : کس کلاز میں وہ امنڈمنٹ ہے۔

Syed Abdullah Shah: Sir, I have given the qualifications for the Chairman and the Directors, I think it is Clause 4. I will put an additional clause that the Chairman........

(*interruption*)

Mr. Chairman: It is only in Clause 4.

Syed Abdullah Shah: No, Sir. I have another amendment to Clause 24 — winding up and again in Clause 17 where it has been exempted from taxes for five years but I said it should be for only two years.

Mr. Chairman: OK, there are three amendments. Then we take up the rest of the clauses.

(*Interruptions*)

Syed Abdullah Shah: Mr. Chairman, I would request the honourable Minister through you Sir, that he should make a statement on the qualifications of the Chairman and Directors.

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: I would like to submit Sir, جناب والا یہ qualification; it is highly technical job and naturally it will require a highly skilled man

اور جیسے میں نے پہلے عرض کیا۔

جناب چیئرمین : تو آپ کہہ رہے ہیں کہ qualifications ٹیکنیکل ہوں گی کہ determine کرنا کہ کون آدمی اہل ہے کوئی سول سرونٹ ہو سکتا ہے انجینئر ہو سکتے ہیں بہت پارلیمنٹرین ہو سکتا ہے کوئی بھی آدمی چلا سکتا ہے ادھر کیا لکھیں گے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا، یہی میں کہہ رہا تھا اس قسم کے ادارے کو چلانے کے لئے یقیناً ایک technical skilled آدمی کی ضرورت ہوتی ہے اور کوئی بھی حکومت یہ غلطی نہیں کر سکتی کہ جو required qualifications ہوں وہ معیار پر نہ اتریں اور اس قسم کا ادارہ ان کے حوالے کر دے۔

جناب چیئرمین : جب کوالیفیکیشن لکھ دی جائیں تو پھر writ petitions بھی ہوں گی کہ اس پر پورا نہیں اترتا پھر جھگڑا پڑ جائے گا۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جیسے میں نے پہلے عرض کیا تھا how can you define it in the court of law, Sir.

جناب چیئرمین : یہ کافی جھگڑے والی بات ہو جاتی ہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : بہت زیادہ جی۔ کوئی حکومت بھی یہ نہیں چاہے گی کہ اس کی بدنامی ہو اور وہ اس قسم کے ادارے کے سربراہ کو لائے جو کہ اپنے کام کو نہ سمجھتا ہو۔ کوئی بھی حکومت ایسا نہیں کرے گی اگر آپ اس کو tied down کر دیں گے اس کو کر دیں گے اور اس کی qualification degrees لکھ کے کر دیں۔

جناب چیئرمین : in any case جو بھی آپ appointment کریں گے ہاؤس میں ڈیبیٹ ہو سکتی ہے غلط ہے کوئسچن ہو سکتا ہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب یہ ترمیم جو انہوں نے تجویز کی ہے غالباً آپ تک پہنچ چکی ہے۔

جناب چیئرمین : جی جناب یہ ہے آپ add کرنا چاہ رہے ہیں Any' how in section 17 and 24 میں باقی ٹیک اپ کرتا ہوں and we will come to 4 (a)

So, the question is that clause (2) do form part of the Bill.

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman: Clause (2) forms part of the Bill.

The question is that clause (3) do form part of the Bill.

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman: Clause (3) forms part of the Bill.

The question is that clause (4) do form part of the Bill.

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman: Clause (4) forms part of the Bill.

Syed Abdullah Shah wants to add clause (4) (a). Would you (Syed Abdullah Shah) like to read it out?

Syed Abdullah Shah: Sir. I will read it out.

4(a) — Qualifications of the Chairman and the Directors.

(a) *Qualifications of the Chairman.*—A person shall not be appointed as Chairman of the Corporation unless he is a citizen of Pakistan and has a degree in Electrical Engineering or Electronics from a recognized University and has also a degree as M.B.A. and has worked in a government, semi-government or a private organizations in responsible positions for not less than 20 years.

(b) *Qualifications of a Director.*—A person shall not be appointed as a Director of the Corporation by the Government unless he is citizen of Pakistan and has a degree in Electrical or Electronics Engineering from a recognized University and has also a degree of M.B.A. and has worked in a responsible position in a government semi-government or private organization for not less than ten years.

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Opposed.

Mr. Chairman: Opposed. So, I will put this amendment to the House. Mr. Abdullah Shah would you like to say something on it?

Syed Abdullah Shah: Sir, I would like to say a few words.

As a matter of fact the honourable Minister has himself supported those amendment. He admits that this is a very technical job and, therefore, a person who has a requisite technical knowledge will be heading this sort of Corporation. I wanted to reduce it into writing, not to give a naked power to the government to appoint anybody, and who is going to challenge the appointment of the Chairman/Director if they say he is a suitable person, eminent person as it has been done even in the past. That is why, those Corporations failed. Because you put the bureaucrats or non-technical persons on a technical job, those corporations do not make any profit. So, I have moved these amendments with a very clear idea to make the Corporation a success that they should appoint proper people for these positions.,

Mr. Chairman: Yes please Mr. Azam Hoti.

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Sir, I would oppose the proposed amendment on technical grounds. As I submitted earlier کہ اس کو bind نہ کریں If you make it a law it becomes an Act. پھراس کی definition مشکل ہوجائے گی۔ define کرنامشکل ہوجائے گااور جیسے میں نے کہاکہ اس کے ڈائریکٹر پر آپ قدغن لگارہے ہیں اس کے ڈائریکٹر کون ہیں۔ اکنامک افیئرز ڈویژن کا سیکرٹری ہے ڈیفنس کاایک نمائندہ ہے فنانس کا ہے ؟وہ سارے کوالیفائیڈ لوگ ہیں اس پر آپ کوئی قدغن لگادیں گے یا bind کردیں گے Tomorrow it will be difficult. As far as that he should be Pakistani that I agree, Sir. Naturally that will be a Pakistani.

Syed Abdullah Shah: That should be inserted in law.

(interruption)

جناب چیئرمین : آپ assurance دے دیں ناں کہ that no non-Pakistani will be appointed.

جناب محمد اعظم خان ہوتی : اگر پہلے ہی کوئی اس طرح کیاہے توٹھیک ہے۔

I would say. Sir, I oppose this.

Mr. Chairman: O.K.

I put this amendment to the vote of the House. Yes please Saeed Qadir Sahib.

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: I support what the Minister has stated that laying down the qualifications would be a very adverse step in this respect and all large corporations in the world including the T&T Corporation elsewhere, do not lay down such qualifications because the eminence is not necessarily only in electronics, it could be in other fields. For instance a Chartered Accountant is highly acceptable anywhere in the world. The largest corporations in the world are appointing people who are technically eminent but technical eminence does not mean degree only in one particular field of speciality. So, how much are you got to describe? So, I think.....

Mr. Chairman: Some of the most reputed organizations in America are headed by lawyers.

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: Yes.

Mr. Chairman: Even the technical corporations.

یعنی Ford Corporation کا جو Head ہے

I don't think that he is a Motor Mechanic.

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: Absolutely.

Mr. Chairman: Anyhow

یہ تو بعد کی بات ہے

So, I will put the amendment to the vote of the House.

Syed Abdullah Shah has moved that: Section 4(a) be added after section (4) as follows:

4(a) Qualifications of the Chairman and the Directors

(a) *Qualification of the Chairman.*—A person shall not be appointed as Chairman of the Corporation unless he is a citizen of Pakistan and —

(1) has a degree in Electrical Engineering or Electronics from some recognized University and also a degree as M.B.A., and

(2) has worked in a government, semi-government or a private organization in a responsible position for not less than 20 years.

(b) *Qualifications of Directors.*—A person shall not be appointed as a Director of the Corporation by the Government unless he is a citizen of Pakistan and has a degree in Electrical or Electronics Engineering from a recognized University and also a degree of MBA and has worked in a responsible position in any government, semi-government or a private organization for not less ten years.

(*The motion was negatived*)

Mr. Chairman: The amendment stands rejected.

Now, I move the next clauses. As there is no amendment for clauses 5 to 16, may I put them together?

(allowed)

Mr. Chairman: The question is that clauses 5 to 16 do form part of the Bill.

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman: Clauses 5 to 16 form part of the Bill.

Now, clause (17) there is an amendment by Syed Abdullah Shah Sahib please move the amendment.

Syed Abdullah Shah: Sir, I move my amendment —

"that in Section 17 insert the word 'two' instead if 'five' in the last line."

<u>جناب چیئرمین</u> : یعنی ٹیکس ہالیڈے آپ کہتے ہیں دو سال کی ہو پانچ سال کی نہ ہو۔ جی اس کی کیا وجوہات بتاتے ہیں آپ ؟

Syed Abdullah Shah: Sir, as a Corporation is being established it will be in a way partly privatized and the shares will be given to the public. So, I want this Corporation to give some benefit in taxes to the Government as well. Why to give it a such a long tax holiday? Already this T&T department is making profit. It is not a losing organization. So, when they are already making profit why to give them a long time to exempt it from taxes. So, I think two years should be sufficient for the new corporation to establish itself and then they should start paying taxes.

Mr. Chairman: Yes please Azam Hoti Sahib.

فرمائیے کیوں oppose کر رہے ہیں ؟

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Sir, it is just like a newly born industry. یہ واپڈا اتنا منافع کمانے والا ادارہ ہے اگر اس کو جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے 5 سال کا عرصہ ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے کوئی بھی its a commercial concern اور یہ بات توصحیح ہے کہ یہ منافع کمارہا ہے لیکن اپنی مینٹیننس پہ جتنا لگا رہا ہے اس کا حساب لگائیں۔ اور پھر جتنی expansion کے لئے اور مزید منصوبوں کے لئے جتنے پیسوں کی ضرورت ہے وہ جو کمارہا ہے اس کے دس گنا زیادہ اس کے لئے درکار ہوتے ہیں تب کہیں جاکر اپنے پاؤں پر کھڑا ہو گا اور اس قابل ہو گا کہ یہ پھر کم لاگت سے اپنے مینٹیننس یا اپنے منصوبے چلا سکے گا اور زیادہ پیسے اس کے پاس آتے رہیں گے تو اس وقت ٹھیک ہے لیکن شروع میں جب تک یہ establish نہیں ہوتا اور پاؤں پر کھڑا نہیں ہوتا جیسے ایک عام انڈسٹری کو ضرورت ہے یہ کوئی غیر مناسب بات نہیں ہے ان کو ملنا چاہئے۔

Mr. Chairman: Thank you. So, the amendment by Syed Abdullah Shah I will move before the House:

Syed Abdullah Shah, Senator, has moved:

> "that in section 17 insert the word 'two' instead of 'five' in the last line."

(*The motion was negatived*)

Mr. Chairman: The amendment stands rejected.

Now, the question is that clause 17 do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Clause 17 forms part of the Bill.

The question is that clauses 18 to 23 do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Clause 18 to 23 form part of the Bill.

There is an amendment to clause 24, Syed Abdullah Shah would you kindly move the amendment?

Syed Abdullah Shah: Sir, with your permission, I move my amendment that:

> "in section 24, insert the words 'all the' instead of the word 'no' in the beginning, delete the words 'by order of the Federal Government and in such manner as the Federal Government may direct', and instead insert the word 'law'.
>
> Now Sir, my submission is that under section 24, this Corporation is being exempted from the operation of the Company Laws and other laws. It says:
>
> No provision of law relating to the winding up of companies shall apply to the corporation. I want it to be as anyother organization subject to the laws of the land. That is the object of my amendment.

Mr. Chairman: Yes please Minister of State for Communications, Mr. Azam Hoti.

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا ! فیڈرل گورنمنٹ تو کبھی بھی غیر قانونی فیصلے مسلط نہیں کرتی۔ جو بھی ہوتا ہے وہ law کے تحت ہوتا ہے۔ اور وہ lawful ہوتے ہیں lawful implementation ہوتی ہے اور وہ law کون بناتا ہے وہ یہیں بنتا ہے تو کل

کو اگر ان کو کوئی خامی دکھائی دے تو وہ اس کو question کر سکتے ہیں اسی فلور پر ' اور کوئی ایسا unlawful act کبھی ایک lawful گورنمنٹ نہیں کرتی۔

جناب چیئرمین : جی کوئی حکومت unlawful act بھی نہیں کرتی۔

I will put the amendment to the vote of the House.

چلیں جی یہ بھی آج بات ہو گئی

According to Syed Abdullah Shah Sahib in section 24, insert the words 'all the' instead of the word 'no' in the beginning, delete the words 'by order of the Federal Government and in such manner as the Federal Government may direct', and instead insert the word 'law'.

(The motion was negatived)

Mr. Chairman: The amendment stands rejected.

The question is:

that clause 24 do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Clause 24 forms part of the Bill.

The question is:

"that clause 25 form part of the Bill"

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Clause 25 forms part of the Bill.

The question before the House is:

"that Clause 1, Short Title, Extent, Commencement and Preamble do form part of the Bill."

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The Clause 1, Short Title, Extent, Commencement and Preamble form part of the Bill. Next Item No. 6.

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Sir, I beg to move:—

"that the Bill to establish a Pakistan Telecommunication Corporation [The Pakistan Telecommunication Corporation Bill, 1991], be passed."

Mr. Chairman: The question before the House is that it has been moved by Mr. Muhammad Azam Khan Hoti, the Minister of State for Communication:—

"that the Bill to establish a Pakistan Telecommunication Corporation [The Pakistan Telecommunication Corporation Bill, 1991], be passed."

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman: The Bill stands passed. Next Item No. 7.

THE PAKISTAN MARITIME SHIPPING (REGULATION AND CONTROL) (REPEAL) BILL, 1991

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Sir, I beg to move,

"that the Bill to repeal the Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) Act, 1974 [The Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) (Repeal) Bill, 1991], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Honourable Members: Opposed.

جناب چیئرمین: جی فرمایئے یہ کیا چیز ہے ؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا یہ جو ہم اصطلاح استعمال کرتے ہیں کہ فلاں کام کا بیڑا غرق کیا۔ وہ یہاں ٹھیک بیٹھا ہے۔ 1974ء میں جب اس کو نیشنلائز کیا گیا Maritime Shipping (Regulation) Act نکالا گیا اس وقت تقریباً اس ملک میں 9 شپنگ کمپنیاں کام کر رہی تھیں۔ ان کو یکجا کر کے ایک Maritime Shipping Corporation بنایا گیا اور اس وقت ان کی تعداد کوئی 48 تک جا پہنچی۔ اس میں ایک کمپنی تھی جس کا نام پین اسلامک سٹیم شپ کمپنی تھا جو ان 9 کمپنیوں میں شامل تھی کچھ عرصے بعد وہ کمپنی نکال دی گئی پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن سے اس بنیاد پر کہ اس میں بیرونی سرمایہ invested تھا اور court نے verdict دیا and by the time they got this verdict and they got this company out of the Pakistan National Shipping Corporation, three vessels had already been scrapped, اور ان کو 5 لائسنس واپس کر دیئے گئے۔ اور اسکے بعد جناب ہوتے ہوتے نوبت یہاں تک آ گئی اور بیڑے غرق ہوتے رہے ایڈیشن تو ہوا نہیں' اور جو ادارے تھے یا ادارہ تھا وہ ان جہازوں کو کھاتے گئے اور یا وہ سکریپ ہوتے گئے چونکہ نئی ایڈیشن تو تھی نہیں۔ وہ بیرونی شپنگ کمپنی تھی انکا مقابلہ نہیں کر سکتے تھے۔ چونکہ اس میں ایک بھی containerised vessel نہیں تھا اور پچھلے چند سالوں میں جو کارگو کی shipment ہے وہ continuous ہو گئی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ اس وقت پاکستان شپنگ کارپوریشن کے پاس 22 جہاز ہیں جس میں سے 21 کارگو کے ہیں اور ایک مسافروں کے لئے ایم وی شمس جو حجاج کرام کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور عمرے کے دنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ جناب والا! اس صورتحال کے پیش نظر اور دوسری طرف انٹرنیشنل مارکیٹ میں جو توقع رکھی جاتی تھی کہ اس کو اتنا بزنس ملے گا اور جیسے میں نے پہلے عرض کیا کہ چونکہ اس میں containerised system نہیں تھا کارگو شپ میں' تو اس کو بزنس نہیں مل رہا تھا اور یہ اپنے ہی تھوڑے بہت خام مال جو سٹیل مل وغیرہ سے مل رہا تھا 8 لاکھ ٹن پہلے تھا اور 18 لاکھ ٹن بعد میں ملا' اور پھر 10 فیصد ٹوٹل جو یہاں پر cargo shipment ہوتی ہے باہر سے' اس کے دس فیصد بمشکل یہ پورے کر رہا تھا جس سے نہ اس کے اخراجات پورے ہو سکتے تھے اور نہ پورے ہو سکتے ہیں ایسی صورتحال میں

جناب والا ! میں سمجھتاہوں کہ اس سفید ہاتھی کو رکھنا کوئی دانشمندی نہیں ہے جو کمائے نہ اور صرف خرچ ہوتا رہے اس پر، توجب وقت آئے گا توتین چار سال بعد یہ جہاز بھی نہیں ہوں گے اور وہ جو دس بارہ ہزار کا عملہ ہے وہ اسی طرح بیٹھا رہے گا۔ توجناب والا ! اسی بنا پر میں گزارش کروں گا کہ اس کو repeal کیا جائے۔ تاکہ یہ پرائیویٹ سیکٹر میں چلا جائے۔ اور بین الاقوامی معیار کا مقابلہ کر سکے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین : جی عبداللہ شاہ صاحب آپ کچھ فرمانا چاہیں گے ؟

Syed Abdullah Shah : Sir. I will just make a submission that this Act was passed by a duly elected Parliament in 1974 after due consideration of pros and cons of the law and the same is being repealed by just one line by way of Ordinance which was subsequently passed by National Assembly and now we are repealing the whole Act, with one line.

Sir, first of all the honourable Minister has not given any facts as to how this organization of shipping which is under the Government control has been making losses. He should have given in the House the complete facts as to how it got storled what were the assets when it was taken over and how it was functioning since 1974 and when it had started making losses and now it has become impossible to continue it under the Government control.

Secondly Sir, I don't think that under the present law there can be no private shipping. There is no ban on it. Any private company can buy ships and start sailing. So, I do not know why they are trying to repeal the entire law for this purpose and if they want to privatise the National Shipping Corporation they can make some other law but why should delete the entire Act passed by duly elected Parliament. This is really not advisable. Thank you.

Mr. Chairman : Thank you. Any other observation, Syed Iqbal Haider.

Syed Iqbal Haider : Thank you Mr. Chairman. In the first place Sir, the very Act which is required to be repealed is not before us and it is not supplied to us because it was not only with a view to control the Pakistan National Shipping Corporation it is for the control of the whole shipping and maritime industry and the functions are not confined to the mere running of the ships but also other functions

which are related to the maritime, if you completely repeal and divest the government of that jurisdiction to control and run the maritime shipping that is not perhaps advisable. I am sure the honourable Minister must have checked the Act itself which provided for the control of the maritime shipping and the whole functions of that.

Secondly Sir, that again Pakistan National Shipping Corporation which is wholly owned government body, it is running in profit, its shares are quoted on stock exchange, it is more than the par value. So, the way the government owned establishments are being radiculed by the present government itself is not understandable for me. Everytime they say that to make a justification for denationalization because that is among the objects and purposes for this Bill. The main object is written that to privatize this business also. Now to privatize the shipping tomorrow they will say we want to privatize the Air Force also. Sir, there is a limit of privatization, this is also a question of security of our country. It is not just shipping. Air Force, Airlines are also connected with the security of the country, they perform various functions. During the war of 1971 had there been no Pakistan National shipping Corporation, I assure you Sir, many more Pakistanis would have been stranded in Bangladesh and many more Pakistanis would have died there. Because who would have performed those functions which were in the national interest. The private sector will only perform those functions which are in the profitable interest which are not for the national interest. Sir, these are institutions there may be flaws, there may be drawbacks, there may be inefficiency there may be all sorts of ills that are but Sir, basic reasons for those ills are corruption. What is the guarantee that the private sector is being assumed to be a very honest person. How do you assume that? All kinds of crimes are committed by them the milking of the company is done by the private sector, the tax evasion is done by the private sector, the black marketing of good is done by the private sector. How do you assume that the private sector is so efficient, so honest, so competent that functions of the maritime will be best served by them?

This is very erroneous assumption, this is the only aim Sir, I will repeat this is an aim to just give the entire economy and all the major institutions in the hands of few families with whom the whole nation will be mortgaged and slaved and we will be able to do nothing but we are confident Sir, that these sort of acts are against the interest of the country and will not be accepted by the people of Pakistan. The days of this government are obviously numbered and the next government will

definitely and I make a commitment, we will again nationalize it, we will again have this Bill passed and we will again take over the national asset and let there be no misunderstanding to any person that through the force of the brute majority you may succeed in doling out and staging a Neelamghar of the entire Pakistan, you may do so, you have a brute a majority I am helpless, no amount of my sensible talking and arguments are able to pursuade my learned friend from the treasury benches to reject such de-nationalization Bills.

(interruption)

Syed Iqbal Haider: Though I am very proud and I am very happy and very encouraged that most of the Members of this august House disapproved and condemned the privatization policy of the manner it is being done, the manner it is being done it is being condemned and disapproved by them but despite that when it comes to voting they do vote in favour of the Bill.

انہی کے لئے علامہ اقبال نے یہ شعر کہا جناب جو مجھے پڑھنا پڑتا ہے کہ

اگرچہ بت ہیں جماعت کی آستینوں میں
مجھے ہے حکم آذان لا الہ الااللہ

جناب چیئرمین : جی انور سیف اللہ صاحب، آپ کیا کہنا چاہ رہے ہیں۔

جناب انور سیف اللہ خان : جناب اب وہ بات گزر گئی ہے تو میں کچھ نہیں کہنا چاہتا۔

جناب چیئرمین : چلو معاف کیا، ٹھیک ہے۔ جی عبدالرحیم مندوخیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جناب چیئرمین آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے موقع دیا کہ میں اس بل کی پہلی خواندگی پر اپنی معروضات پیش کروں جناب والا، اس وقت جو مختلف آرڈیننسز ہمارے سامنے آرہے ہیں اور ملک میں جو کچھ ہو رہا ہے یہ اس کا ایک تسلسل ہے اس میں جناب والا، ہمارے ملک میں جو کچھ بھی پبلک پراپرٹی کی شکل میں جو کچھ بنایا ہے جو کچھ develop کیا ہے یہ ایسے حالات میں ہم نے بنایا ہے اور ڈیویلپ کیا ہے کہ ہمارے ملک پر خارجی ممالک ان کی اجارہ داری اور اجارہ داری کے معنی سامراج ان کی اجارہ داری کے انٹرسٹ کے باوجود ہم نے ڈیویلپ کیا ہے اس وقت ہمارے ملک کی جو

اپنی انڈسٹری ہماری اپنی پروڈکشن ' ہمارے جو مختلف ادارے ہیں پبلک کی طرف سے اس میں اتنا کچھ بنایا ہے کہ آج ملک میں اپنے طور پر کچھ ادارے ہم نے قائم کئے ہیں یورپ کی مختلف کمپنیز' یورپ کی مختلف اجارہ داریوں کی ہر وقت یہ کوشش رہی ہے کہ ان کو یہ موقع ملے اور ہمارے پروڈکشن کو............ میں یہ کہوں گا وہ ایک درخت ایک بڑا درخت جس کے نیچے آپ ایک چھوٹا سا درخت اگانے کی کوشش کرتے ہیں وہ develop نہیں ہو سکے گا ایک درخت کے سائے میں ' یہاں ان اداروں کے سائے میں ہم بمشکل کچھ لا سکتے ہیں اب ہمارے ملک میں ایک صورتحال پیدا ہوئی ہے کہ ہم میں بھی کچھ ایسے لوگ پیدا ہوئے ہیں جن کی کچھ پرائیویٹ پراپرٹی ' انڈسٹری ہے اب ان کی کوشش ہے کہ جو کچھ پبلک نے اپنے خون سے اپنی محنت سے اپنے skill سے جو کچھ پراپرٹی بنائی ہے اپنی ڈیویلپمنٹ کے لئے اب وہ خود یہ حاصل کریں یہاں ایک خاص پروسیس پیدا ہوا ہے اور اسی کے نتیجے میں موجودہ جو سیاسی فضا ہے جناب والا وہ اصل میں اس سے پیدا ہوا ہے ان کی کوشش ہے کہ جو کچھ ہم حاصل کر چکے ہیں اس کو پھر پرائیویٹ قبضے میں لے کر اس کو اپنی مرضی سے لوٹ لیں یہاں بہانہ کیا جاتا ہے کہ competition کا جناب والا' یہاں بہانہ کیا جاتا ہے کہ یہاں efficiency کا ہم efficiency کا بہانہ کم از کم تسلیم نہیں کریں گے' efficiency کی ہمارے اداروں کی کیوں نہیں رہی ہے efficiency اس لئے جناب والا ہمارے اداروں کی نہیں رہی ہے کہ اس ملک میں تقریباً تیس سال مارشل لاء رہا ہے یہاں آمریت رہی ہے آمریت کے نتیجے میں ہماری efficiency ہمارے economical ادارے جو تھے وہ پارلیمینٹ کے یا اسمبلیوں کے یا جمہوری اداروں کے سامنے جواب دہ نہیں تھے' نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی efficiency کم ہو گئی' نتیجہ یہ ہوا کہ رشوت بڑھ گئی آج آپ مسلسل اپنی جمہوریت کو develop کریں کون سا ادارہ ہے جو جواب دہ ہو اور جوابدھی کے بعد وہ اپنے کام میں اصلاح نہ کرے' اپنے کام کو صحیح نہ کرے یہاں دلیل دی جاتی ہے کہ جناب والا یہ تو ہم 19 ویں صدی میں جائیں گے ہم کہتے ہیں تحفظ دو ہماری صنعت کو ہم کہتے ہیں ہماری پبلک پراپرٹی کو تحفظ دو یہ کہتے ہیں کہ تحفظ جو ہے وہ 19ویں صدی میں ہوا ہے واقعی یہ 19ویں صدی میں ہوئی ہے 19ویں صدی میں انگلینڈ نے فرانس نے تحفظ کی پالیسی اپنائی فرانس اور انگلینڈ 19ویں صدی میں اس پوزیشن

میں تھے جس پوزیشن میں ہم آج یہاں ہیں اس وقت تحفظ ان کی ضرورت تھی خارجی ممالک کی صنعت کے مقابلے میں انہوں نے اپنی صنعت کو تحفظ دیا اپنے اداروں کو تحفظ دیا آج انگلینڈ اور امریکہ اور فرانس وہ اتنے develop ہوئے ہیں کہ imperialist monopoly بن گئے تمام دنیا کو انہوں نے قبضے میں کیا ہے آج وہ protection کے دعویدار نہیں ہیں آج وہ protection کے علمبردار نہیں ہیں آج وہ free trade کے علمبردار ہیں وہ کہتے ہیں ہمیں موقع دیں تمام دنیا میں ہم مقابلہ کریں یہ ان کی ضرورت ہے اور ہماری ضرورت یہ ہے کہ ہمیں protection ملے ہماری ضرورت یہ ہے کہ ہماری مجموعی طور پر بلکہ میں یہ کہوں گا کہ private industry کو بھی public industry کو بھی ہماری دونوں sides کو projection ملے اور پھر جو کچھ ہمیں پبلک کو ملا ہے اس کو پرائیویٹ سیکٹر کے حوالے نہ کیا جائے پرائیویٹ والے کیا کریں گے جناب والا، پرائیویٹ والے یہ کریں گے بالکل.......... بلکہ میں یہ کہوں گا میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کوئی پرائیویٹ جو اس لیول کا industrialist ہے جو Shipping Corporation یا Maritime Shipping جو مختلف ادارے ہیں ان کو خریدنے والے ذرا ان سے پوچھیں کہ آپ کا پیسہ کہاں سے آیا ان کا پیسہ ہمارا پبلک کا پیسہ ہے جناب والا پبلک بینکس کے پبلک کی پراپرٹی یہ پیسے لے کر وہ پھر وہاں منڈی میں bidding کرتے ہیں یعنی ایک طریقہ یہاں کیا ہے طریقہ یہ ہے کہ پراپرٹی پبلک کی اور اسکا منافع اور فائدہ اور اسکا نفع پرائیویٹ لوگوں کو ملے گا پرائیویٹائزیشن کے معنی صرف یہ ہیں پراپرٹی ہماری پراپرٹی پبلک کی اور اس سے مزے اڑائیں private owners ' یہ صرف یہ ہے ورنہ کوئی privatization کوئی private industrialist یہ claim نہیں کر سکتا نہ کوئی banker' نہ Maritime Company والا کوئی یہ claim نہیں کر سکتا کہ اس نے خود کمایا ہے تو ہماری عرض یہ ہے کہ یہ جو ہمارے ادارے ہیں ان کو جناب والا مہربانی کریں ہم وزیر صاحبان سے کہیں گے بلکہ ہم حکومت کو appeal کرتے ہیں کہ آپ جس لائن پر جا رہے ہیں آپ صرف ہماری public property کو چند private عناصر کو دے کر جب وہ لوٹ لیں گے جناب والا لوٹنے کے بعد پھر کیا ہو گا پھر ہمیں دے دیں گے پھر کہیں گے کہ جی کیوں کہ ہم bankrupt ہو گئے اس لئے آپ اس کا پھر تحفظ کریں یہ عمل جو ہے جناب درست نہیں

اور اس کے اتنے پہلو ہیں پرائیویٹ پبلک کے ' ہماری protection کا پہلو اور پھر سامراج کے مقابلے میں جناب والا ہماری protection کا کوئی انتظام ہونا چاہئے

اس کے علاوہ یہ بھی کہوں گا کہ اسی حوالے سے آمریت بنتی ہے یہاں جو ملک میں آمریت کا عمل ہے وہ یہ ہے کہ ان لوگوں نے monopolists نے بنایا اور ایک پہلو اور ہے جناب کہ ہم جو قومیں ہیں پشتون' بلوچ' سندھی یہ جو ہم غریب لوگ ہیں اس privatization کی وجہ سے جو کچھ ہمیں پبلک پراپرٹی میں کچھ قانون کے ذریعے ہماری جمہوریت کے ذریعے کچھ ہمیں ملا ہے وہ بھی ختم کی جائے گی یعنی اس سے colonialism بھی develop ہو رہی ہے۔ اور جیسا کہ یہاں میرے اور ساتھیوں نے کہا میں ان کی اس sense میں تائید کرتا ہوں کہ یہ جو مجموعی ملک کی protection ہے یہ ابھی امریکن لوگ آتے ہیں اور یہ ہماری کمپنیاں لیتے ہیں یا اور کوئی سرمایہ دار لیتا ہے جناب والا وہ کیا نہیں کریں گے کیا کچھ نہیں کریں گے ہماری اس پراپرٹی کے ساتھ ہماری اپنی دولت پر آ کر ہماری intelligence کریں گے ہمیں اندر سے ماریں گے ہم ابھی کہتے ہیں ہماری automic energy ہے فلاں ہے وہ کیوں ہمیں نہیں چھوڑ رہے اس لئے نہیں چھوڑ رہے جناب والا کہ ہم develop نہ ہوں تو ہماری عرض یہ ہے in a sense یہ بات کرنی تھی جناب والا کہ یہ جو عمل جاری ہے اس میں مسلسل یہ شامل کر کے یہ ہماری تباہی ہے اس لئے ہم حکومت سے request کریں گے کہ آپ مہربانی کریں مجموعی طور پر یہ تمام پالیسی تبدیل کریں اور competition کے لئے آپ democracy دے دیں آپ دیکھیں گے کہ کیسے efficiency ہوتی ہے آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین : شکریہ جناب 'اخونزادہ بہرہ ور سعید

اخونزادہ بہرہ ور سعید : آئٹم 7 اور آئٹم 8 پر میرے دوستوں نے جو تقاریر کی ہیں اور خاص کر عبدالرحیم مندوخیل نے جو تقریر کی ہے اس کو پڑھ کر مجھے تو سمجھ میں نہیں آیا کہ یہ repealing law ہے اس میں تو nationalization یا privatization کا کوئی ذکر نہیں ہے یہ تو ایسی چیزیں لائی گئی ہیں جن کا یہاں ذکر نہیں ہے یہ تو صرف یہ ہے

Minister for Communication to move that the Bill to repeal the Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) Act, 1974 [The Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) (Repeal) Bill, 1991], as passed by the National Assembly be taken into consideration.

یہ تو بڑی سیدھی سی بات ہے کہ وہ ان کو repeal کر رہے ہیں تو repeal میں یہ کہاں آ رہی ہیں میرا خیال تو یہ ہے میری تجویز یہ ہے کہ پہلے یہ پڑھیں اور پھر جو فرمانا چاہیں فرمائیں۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی، سید اقبال حیدر

Syed Iqbal Haider : May I just Sir, read the Bill itself, the clause 2 for the information of my honourable Member reads:

> The Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) Act, 1974 is hereby repealed.

Mr. Chairman : Anybody else.

(Pause)

Mr. Yes Azam Hoti Sahib.

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا جیسے میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ معزز سنیٹر صاحبان نے قطعاً اس کا غلط مطلب لیا ہے کہ یہ پرائیویٹائزیشن۔ میں جناب والا ایک بار پھر کہتا ہوں کہ جس ادارے میں نقصان ہو اور منافع نام کی کوئی چیز نہ ہو تو اس کو مزید چلانے کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی گنجائش نہیں ہوتی۔

Sir, I can assure you that the honourable Prime Minister Mian Muhammad Nawaz Sharif has no intentions to buy these vessels.

یہ 30 سال پرانے جہاز ہیں اور جناب یہ اپنی طبعی موت مرنے والے ہیں یہ تو بڑی مشکل سے ان کو چلایا جارہا ہے ورنہ یہ تو اس وقت سکریپ ہو چکے ہوتے اور میرے خیال میں آپ آئندہ سال دو سال میں دیکھیں گے ان میں سے کوئی جہاز بھی وہاں کھڑا نہیں ہو گا بلکہ بدقسمتی یہ ہوگی کہ جو ایم وی شمس ہے حجاج کرام کو لے جانے اور لانے میں استعمال ہوتا ہے وہ ابھی تک بڑی مشکل سے in order رکھا ہوا ہے کہ کوئی حادثہ پیش نہ آ جائے جناب والا، یہ سراسر ایک نقصان والا ادارہ ہے اور میں آپ سے بھی اور معزز ایوان سے استدعا کروں گا کہ اس Act کو repeal کیا جائے تاکہ ان سے جان خلاصی ہو۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : پوائنٹ آف آرڈر جناب صرف یہ ذرا بتاتا تھا کہ یہ جو ہے Statements of Objects and Reasons میں...........

In order to open shipping to private sector it was imperative to repeal the 1974 Act and that was done through the promulgation of the Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) (Repeal) Ordinance, 1991 on the 25th April, 1991 this Bill seeks to replace the said Ordinance.

Mr. Chairman: Thank you. So I will put the motion before the House. It has been moved by Mr. Azam Khan Hoti the Minister of State for Communications that the Bill to repeal the Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) Act, 1974 [The Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) (Repeal) Bill, 1991], as passed by the National Assembly be taken into consideration.

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جناب والا کورم نہیں ہے۔

(interruption)

Mr. Chairman: Please see whether the House is in quorum or not.

(Pause)

Mr. Chairman: So, if the House is not in quorum then I can adjourn it. Because in any case there is one thirty of the clock. We adjourn it to meet again on Sunday at 4.00 P.M.

[The House then adjourned to meet again at four of the clock in the evening on Sunday, November 10, 1991].

PCPPI—22(96) Senate—4-11-96—180.